
مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہر گھر کی ضرورت، دیسی نسخہ جات پر مشتمل، گھریلو علاج کے لیے

مستند اور تجربہ شدہ آزمودہ نسخہ جات

# کلونجی سے علاج



ہر گھر کی ضرورت، دیسی نسخہ جات پر مشتمل، گھریلو علاج کے لیے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

بیش بہا معلومات کا خزانہ

ماسٹر

# کلونجی سے علاج

ترتیب و تالیف

میاں نوید ناصر، حکیم جاوید اختر

معاونین

برکت علی، محمد عمران، ساجد علی، امداد حسین، محمد سلیم، رانا محمد اویس، سجاد حسین

Arshman Software Inc. ©

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



# فہرست


| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| چند مفید گھریلو طریقے | 8 |
| کلونجی کے فوائد | 11 |
| کلونجی کے مزید خواص | 12 |
| کلونجی۔ حب السوداء | 13 |
| حمی الربع | 15 |
| خیلان | 16 |
| احادیث نبویؐ بسلسلہ کلونجی | 17 |
| کاشت کا موسم اور علاقہ | 20 |
| کلونجی کا استعمال | 20 |
| آنکھ کے امراض، بھینگا پن | 22 |
| آنکھ کا ورم، آنکھوں کی حفاظت | 22 |
| آنکھوں کی زردگی، ابتدائی موتیا | 23 |
| اختلاج القلب، اخراج پتھری | 23 |
| استسقاء (پیٹ میں پانی بھر جانا) | 23 |
| اعصاب کی کمزوری کا علاج | 24 |
| اعصابی تناؤ، اکسیر درد معدہ | 24 |
| التہاب حلق، التہاب گردہ، السر | 24 |
| امراض جلدیہ، امراض قلب | 25 |
| امراض گردہ اور مثانے کا علاج | 25 |
| امراض ناک، انتڑیوں کے کیڑوں | 25 |
| انتڑیوں کے ہر مرض کیلئے | 26 |
| درد دل کا شافی علاج | 26 |
| دل کی قریبی رگ کا درد، ایگزیما | 26 |
| بالخورہ، بال گرنا | 27 |
| بالوں کو لمبا کرنے کیلئے | 28 |
| بالوں کی سکری و خشکی، بالوں کیلئے | 28 |
| بانجھ پن کا علاج، بخار کا علاج، برص | 29 |
| برص اور بہق، برص اور سفید و سیاہ... | 30 |
| بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کرنا | 31 |
| بڑی آنت کا ورم، بلڈ پریشر | 31 |
| بلغمی کھانسی کا علاج، بندش کیلئے | 31 |
| بواسیر | 32 |
| تلی کے بڑھنے کا علاج | 33 |
| دل کے امراض، جلدی امراض | 33 |
| دائمی نزلہ زکام کا علاج، موٹاپا | 34 |
| معیادی بخار کا علاج، جوڑوں کا درد | 35 |
| چہرہ کی تروتازگی، چہرے کا حسن | 35 |
| چہرے کی خشکی، خوبصورتی، صفائی | 36 |
| کیل اور مہاسے، حب الشباب | 37 |
| نزلہ کے باعث کھانسی کا علاج | 38 |
| قبض کا علاج، سانس کی تکلیف | 38 |
| دق اور سینہ کی بیماریاں، الرجی | 39 |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com




| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| زخموں کا علاج، کانوں کے امراض | 40 |
| رعشہ کا علاج، دماغ اور اعصاب | 41 |
| دماغی کمزوری، دمہ کا موذی مرض | 42 |
| ذہنی کوفت اور کھچاوٹ کیلئے | 43 |
| ذیابیطس (شوگر) | 43 |
| ران اور جانگھ کی سوزش، روغن شفاء | 45 |
| ریاح و گیس، ریح شکن | 46 |
| زچگی اور امراضِ نسواں | 46 |
| پیچش سدے والی، سردی کا علاج | 47 |
| سرطان، "کینسر" کے مریضوں کیلئے | 47 |
| سرطان جگر، سرطان جلد | 48 |
| سر کا گنجا پن، سر کے امراض | 48 |
| سستی کا علاج، سفید بالوں کیلئے | 49 |
| ضعف جگر | 50 |
| ضعف قلب، ضعف تناسلی | 51 |
| ضعف ہضم، طلاء مقوی | 51 |
| عام کمزوری، عورتوں کے امراض | 52 |
| عورتوں کے دودھ کی کمی دور کرنے | 53 |
| عینک توڑ اکسیر، فالج کا علاج | 53 |
| فشارِ خون، فم معدہ کی درد | 53 |
| قبض کا علاج | 54 |
| قوت باہ کیلئے اکسیر، قوت حافظہ | 54 |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| قوت رجولیت کیلئے | 55 |
| قوت مدافعت بڑھانے کیلئے | 55 |
| قیمتی کپڑوں کی حفاظت، کالی کھانسی | 55 |
| کان کی سوزش، کان کے امراض | 56 |
| کان کے کیڑے، کان میں درد | 56 |
| کثرت تیزابیت، کثرت حیض | 57 |
| کلونجی اور رعشہ | 57 |
| کمر کا درد اور گھنٹیا، کمزور اور لاغری | 58 |
| کم ہمتی اور بدن کی تھکاوٹ | 58 |
| اکسیر جریان و احتلام | 58 |
| استسقاء، یرقان کا علاج | 59 |
| پیشاب کی جلن، پیشاب کی کمی | 59 |
| سکری، گرتے بال، ذیابیطس کا علاج | 59 |
| بالخورہ، سفید بالوں کا علاج | 60 |
| بواسیر کا علاج، درد کمر گھنٹیا کا علاج | 60 |
| معیادی بخار کا علاج، نزلہ و زکام | 60 |
| امراض رحم اور قوت باہ کیلئے | 61 |
| گردے کی پتھری | 61 |
| گردے مثانے کی پتھری | 62 |
| گلے اور آواز کی صفائی، گنجا پن | 62 |
| گھر سے کیڑے مکوڑوں کو بھگانا | 62 |
| گیس اور اپھارہ، گیس اور ریاح | 63 |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com


| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |
| لقوہ فالج، لقوہ کے لئے تیل | 63 |
| متلی اور قے، مرگی، مرہم بواسیر | 64 |
| مسوڑھوں اور دانت کا درد | 64 |
| مسوڑھوں کی سوزش اور ورم کا علاج | 65 |
| مسہ ختم کرنے کیلئے | 65 |
| معجون فالج ولقوہ | 65 |
| مقوی بدن قوت مدافعت کا خزانہ | 65 |
| ملیریا یا بخار | 66 |
| منہ اور زبان کے چھالے | 66 |
| منہ کے زخم | 66 |
| موٹاپے کا علاج | 66 |
| معیادی بخار | 66 |
| کوڑھ اور جزام | 67 |
| کولیسٹرول کو نکالنے کیلئے | 67 |
| کھانسی اور دمہ | 67 |
| گاڑھی بلغم کو پتلا کر کے نکالنے کا... | 67 |
| گرتے بال | 67 |
| گردن توڑ بخار | 67 |
| گردوں کی صفائی اور بلڈ یوریا | 68 |
| شوگر کا علاج | 68 |
| بالوں کا علاج | 68 |
| برص کا علاج | 69 |
| سکری یا بالوں کی خشکی کا علاج | 70 |
| بلڈ پریشر لو کیلئے | 70 |
| بال لمبے، ملائم کرنے اور ٹوٹتے بالوں | 70 |
| یرقان / پیشاب جل کر آنا | 70 |
| جگر، مثانے، معدے کی گرمی | 70 |
| چہرے کے داغ دھبے، چھائیاں | 71 |
| موٹاپا، گیس، پیٹ کی تکالیف | 71 |
| بالوں کا جھڑنا | 71 |
| سر درد کا علاج | 71 |
| جوں و لیکھ | 72 |
| سر چکرانا اور کان میں درد | 72 |
| دردِ زہ اور وقتِ ولادت | 72 |
| دانت، داڑھ اور حجرہ کے درد کیلئے | 72 |
| مہاسے | 72 |
| چہرے کی خوبصورتی کیلئے | 73 |
| ہڈی جوڑنے کیلئے | 73 |
| جملہ جلدی امراض کیلئے | 73 |
| چھلے ہوئے زخم | 73 |
| نشہ کیلئے | 74 |
| ٹینشن یا ذہنی الجھن | 74 |
| جسم میں چربی کا اضافہ | 74 |
| گردہ کے ورم کے لیے | 74 |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com




| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| پیشاب میں رکاوٹ اور جلنے کیلئے | 74 |
| پیشاب کی بندش | 75 |
| جگر کا ورم | 75 |
| دل کے امراض کیلئے | 75 |
| تلی کا بڑھنا | 75 |
| آنتوں کی درد | 76 |
| دست کے لئے | 76 |
| بہرہ پن | 76 |
| معدے کی سوزش | 76 |
| کھٹے ڈکار یا معدہ کی تیزابیت | 76 |
| ہیضے سے بچاؤ | 77 |
| بانجھ پن | 77 |
| دودھ کی کمی کے لیے | 77 |
| السر کے لیے | 77 |
| سرطان | 78 |
| بھوک بڑھانے کیلئے | 78 |
| ذہنی چستی اور یادداشت کیلئے | 78 |
| حافظے کی خرابی | 78 |
| سیاہ رنگت | 78 |
| پتے کی پتھری کیلئے | 79 |
| شربت کلونجی سے امراض کا علاج | 79 |
| دماغی کمزوری اور نسیان کے اسباب | 79 |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| اخراج دیدان ہر قسم | 80 |
| استحاضہ | 80 |
| التہاب الریہ | 80 |
| التہاب المفاصل | 81 |
| امراض اطحال | 81 |
| برص اور بہق کیلئے ضماد | 81 |
| بوڑھے افراد کی سرد مزاجی اور کمزوری | 81 |
| جنسی کمزوری | 81 |
| کلونجی، لونگ، سیب سے علاج | 82 |
| دیدان الجوف | 83 |
| سعوطات نافعہ | 83 |
| شکری کا علاج | 83 |
| بواسیر کے لیے | 84 |
| شربت کلونجی | 84 |
| شربت مفتح سدد | 85 |
| شیرافزاء | 85 |
| صداع بارد کا علاج | 85 |
| ضمادات دیوانیہ | 86 |
| عرق کلونجی بنانے کا طریقہ | 86 |
| علاج بواسیر | 86 |
| عورتوں کے دودھ میں قلت | 86 |
| قوت جسمانی کیلئے | 86 |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com




| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| کاسر ریاح | 87 |
| گردے مثانے کی پتھری کا علاج | 87 |
| پھپھوندی کا علاج | 87 |
| گنج کا علاج | 87 |
| ایگزیما کا علاج | 87 |
| کلونجی | 87 |
| موٹاپا کا علاج | 88 |
| مرہم کلونجی | 88 |
| مطبوخ مدر حیض | 88 |
| معجون کلونجی مرکب | 89 |
| معجون نسان | 89 |
| بواسیر کا علاج | 90 |
| بالوں کیلئے مفید علاج | 91 |
| ایگزیما کیلئے بہترین نسخہ | 91 |
| گردے کی پتھری کا علاج | 92 |
| جریان احتلام اور مثانے کی گرمی | 92 |
| شوگر کنٹرول کرنے کیلئے | 93 |
| قبض کیلئے اکسیر نسخہ | 93 |
| درد ریح اور سستی کیلئے | 93 |
| مردانہ کمزوری، قوت باہ کیلئے | 94 |
| شوگر کیلئے | 94 |
| جوڑوں کے درد کیلئے | 94 |
| پتھری توڑنے اور اس کے اخراج | 94 |
| سر درد | 94 |
| ضعف باہ | 95 |
| عام جسمانی کمزوری کیلئے | 95 |
| دمہ کیلئے مفید نسخے | 95 |
| قوت حافظہ اور چاق و چوبند | 96 |

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



# چند مفید گھریلو طریقے

- دیوار میں کیل ٹھونکنے کی بجائے یہ طریقہ استعمال کر کے دیکھیں۔ ٹوتھ پیسٹ کے ڈھکنے کو کسی جوڑنے والے پیسٹ کی مدد سے دیوار پر چپکا دیں اس طرح دیوار پر سوراخ کرنے سے بچ جائیں گے۔
- بدہضمی کو دُور کرنے کے لیے ایک چمچہ منٹ کا رس لے کر برابر مقدار میں شہد اور لیمن جوس ملا کر پی لیں۔
- رات کو بجلی جانے کے بعد مچھروں کی یلغار سے بچنے کے لئے گیس کی لالٹین کے اوپر استعمال کیا ہوا مچھروں کا میٹ رکھ دیں۔
- ناریل سے پانی نکال لینے کے بعد اس کے پھوک کو دُھوپ میں سُکھا لیں۔ اسے رنگ کے پاؤڈر میں ملا کر رنگولی کے لیے استعمال کر سکتی ہیں۔
- فیبرک پینٹ کا ایک کوٹ کر کے آپ چمڑے کے جوتوں، بیگ یا بیلٹ کو دوبارہ نیا بنا سکتی ہیں۔ یہ رنگ آپس میں ملا کر جوتے یا بیگ وغیرہ سے میچ کیے جا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہیں شفاف لیکوئیڈ پالش کے ذریعے بھی پالش کیا جا سکتا ہے۔ فیبرک پینٹ آسانی سے نہیں اُترتا۔
- برتنوں کے اوپر سے تیل یا جلنے کے داغ صاف کرنے کے لیے انہیں دھونے سے پہلے کلینگ پاؤڈر میں تھوڑا سا رنگولی پاؤڈر ملا لیں۔
- گھر میں نرم آئسکریم بنانے کے لئے انڈے کی سفیدی کو خوب اچھی طرح پھینٹ کر گاڑھے دودھ کو گرم کریں اور آگ پر اُتارنے سے پہلے ملا دیں اور اچھی طرح حل کر لیں۔
- سلاد اور دال سے نکالی ہوئی سبز مرچوں کو اچار میں دوبارہ استعمال کر سکتی ہیں۔ استعمال شدہ سبز مرچوں کو سرکہ یا نمک میں محفوظ کر لیں۔
- مچھروں کو دُور بھگانے والے میٹ کی عدم موجودگی میں لہسن کو کسٹر آئل میں بھگو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



کر مچھروں کے کوائل پر رکھ دیں۔ مچھر فوراً بھاگ جائیں گے۔

- سوپ یا سالن کے اوپر سے چکناہٹ کو دور یا کم کرنے کے لیے پیپر ٹاول استعمال کریں۔ کاغذ ساری چکناہٹ کو جذب کر لے گا۔
- اگر آپ تربوزے کے چھلکے سکھا کر اسے پیس لیں تو آپ دالیں پکاتے وقت اس میں سوڈا بائی کارب ڈالنے کی بجائے تربوز کے چھلکوں کا پاؤڈر بنا کر استعمال کر سکتی ہیں۔
- مکسر گرائینڈر فارمیکا کی میز صاف کرنے کے لیے ٹوتھ پیسٹ اور ٹوتھ برش سے اسے رگڑیں خوب چمک آجائے گی۔
- مخصوص ایام کے دوران زیادہ خون بہنے کے عمل کو روکنے کے لیے کیلے کے ایک پھول کو پکا کر دہی کے ساتھ کھالیں۔
- دردِ حمل کو بڑھانے کے لیے دو کپ پانی میں کھانے کا ایک چمچہ زیرہ ملا کر اسے جوش دے لیں یہاں تک کہ پانی کی مقدار آدھی رہ جائے۔ اب اس میں چائے کے دو چمچے مکھن ملا لیں۔ دردِ حمل شروع ہوتے ہی اس آمیزے کو پی لیا جائے تو حمل کی رفتار تیز ہو جائے گی اور بچہ آسانی سے پیدا ہو سکے گا۔
- بالکونیوں میں گیلے کپڑے سکھانے کے لئے کلپ کی جگہ سیفٹی پن استعمال کریں۔ کپڑے نہ تو نیچے گریں گے اور نہ ہی ان کی شکل بگڑے گی۔
- بینگن کا مزید ار بھرتہ بنانے کے لیے اس میں ذرا سا ہرا مصالحہ اور دہی ملا دیں۔
- لکڑی کے فرنیچر کا رنگ پھیکا پڑ جائے تو چائے کے دو چمچے استعمال شدہ چائے کی پتی لے کر اس کو دھوپ میں سکھا لیں۔ اسے ململ کے کپڑے میں رکھ کر اس میں آٹھ قطرے رائی کا تیل ڈال لیں۔ اب اسے بنڈل کی شکل میں باندھ کر اس سے فرنیچر کو رگڑیں۔ آپ کا فرنیچر ایک بار پھر نئے کی طرح چمکنا شروع ہو جائے گا۔
- گلدستے میں پھول رکھتے وقت اس کے پانی میں پسا ہوا کوئلہ یا نمک ملا دیں

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



گلدستے کے پھول زیادہ دیر تک تروتازہ رہیں گے۔

- کپڑوں سے روشنائی کے دھبے دور کرنے کے لئے انہیں دھونے سے قبل چند منٹوں کے لئے لائم جوس اور نمک کے محلول میں بھگودیں۔
- مون سون کے موسم میں گاڑیوں کے وائپرز کی عمر بڑھانے کے لئے اُن کو ریگمال سے رگڑ لیں۔
- اگر آپ کو بے خوابی کی شکایت ہو تو چائے کا ایک چمچہ زیرہ لے کر پکے ہوئے کیلے کا گودا ملالیں۔ اس کے کھانے سے رات کو گہری نیند آئے گی۔
- فریج میں اسٹور کرنے سے پہلے پنیر کو بلاٹنگ پیپر میں لپیٹ دینے سے وہ کئی دنوں تک تازہ رہے گی۔
- کتے کے بچے کو فرنیچر کی ٹانگیں چبانے سے روکنے کے لیے فرنیچر کی ٹانگوں پر تھوڑا سا زیتون کا تیل لگادیں۔
- کمرہ میں موم بتی جلانے سے وہاں سے سگریٹ کے دھوئیں کی بُو غائب ہو جائے گی۔
- اگر آپ کو سرکہ سے الرجی ہو تو اس کی جگہ لیمن جوس کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- اگر سفید رنگ کی برفی کھانے کے قابل نہ رہے تو اسے ہوا بند ڈبے میں رکھ کر پریشر ککر کے اندر بھاپ دیں پھر اسے نکال کر اس پر تھوڑا سا کوکو پاؤڈر چھڑک دیں۔ اور چکنی پلیٹ پر پھیلادیں۔ اس چاکلیٹ برفی کا مزہ عمدہ ہو جائے گا اور خوب مزے دار محسوس ہوگی۔
- مختلف قسم کے مِلک شیک بنانے کے لیے ایک گلاس دودھ میں تین کھانے کے چمچے کوئی سا فروٹ جام ملادیں اور مکسر میں انہیں اچھی طرح حل کرلیں۔ پھر ٹھنڈا کر کے پئیں آپ کو بہت مزیدار لگے گا۔

☆ ☆ ☆

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



# عام امراض کا کلونجی سے علاج

علاج: صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کلونجی سوائے موت کے اور ہر مرض کی دوا ہے۔

فائدہ: جالینوس کا قول ہے کہ کلونجی نفخ اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور اس کے کھانے سے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔ جوش دے کر سر پر لگانے سے تو زکام کو فائدہ دیتی ہے اور اگر خشکی کی وجہ سے بدن پر سے پیڑیاں سی اترتی ہوں تو اس کا کھانا بہت مفید ہے۔ اگر بدن پر تل ہو جائیں تو اس کے لگانے سے جلد صاف ہو جاتی ہے۔ حیض اگر بند ہو تو اس کو جاری کرتی ہے۔ لیپ کرنے سے سر کا درد دفع ہو جاتا ہے ۔ پھوڑے پھنسی کو پھوڑ کر فائدہ کرتی ہے۔ سرکہ میں ملا کر کھانے سے بلغمی ورم دور ہو جاتا ہے اور روغن اریسا میں ملا کر سونگھنے سے آنکھوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ اس کا کھانا سانس پھولنے کے لئے بہت مفید ہے۔ اور اس کی کلیاں کرنے سے دانتوں کا درد دفع ہو جاتا ہے۔ اس کے کھانے سے پیشاب جاری ہو جاتا ہے۔ گھر میں دھونی دینے سے مچھر کھٹمل غائب ہو جاتے ہیں۔

## کلونجی کے فوائد

کلونجی بہت فائدہ مند ہے یہ معدے کو طاقت دیتی ہے۔ پیشاب جاری کرتی ہے۔ گردے اور مثانے کی پتھری میں فائدہ مند ہے۔ پیٹ کا اپھارہ دور کرتی ہے۔ پانچ تولہ کلونجی رات کو سرکے میں ڈبو کر رکھ دیں اگلے دن سائے میں خشک کر لیں پھر باریک پیس کر سفوف بنالیں اور پانچ تولہ خالص شہد میں ملا کر رکھ لیں۔ اور وقتِ ضرورت چھ ماشے سے ایک تولہ تک کھائیں۔ اس سے درج ذیل فوائد حاصل ہوں گے۔

- داد، بال خورہ اور برص کے داغ دور کرنے کے لئے کلونجی کو سرکہ میں ملا کر لیپ کریں۔
- گنٹھیا، بادی بلغم اور درد کمر دور کرنے کے لئے کلونجی، بالون، میتھی، اجوائن کے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



سات بیج سب ہم وزن کر لیں۔ اور پیس لیں۔ روزانہ صبح کے وقت پھانک کر ہلکا گرم پانی پی لیں۔

❀ آنکھوں میں یرقان کے بعد جو زردی رہ جاتی ہے اس کو کلونجی سے دور کیا جا سکتا ہے۔ کلونجی کے سات آٹھ دانے ماں کے دودھ میں ملا کر پیس لیا جائے اور اسے ناک میں سڑکا جائے آنکھوں کی زردی ختم ہو جاتی ہے۔

❀ تین ماشہ کلونجی پیس کر ایک تولہ مکھن میں ملا کر چاٹنے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

## کلونجی کے مزید خواص

بعض علماء نے لکھا ہے کہ کلونجی سوداوی اور بلغمی بخار کو دور کرتی ہے کدو دانے ہلاک کرتی ہے اور اگر اس کی پوٹلی بنا کر زکام والے کے گلے میں ڈال دیں تو زکام جاتا رہتا ہے اور چوتھیا بخار کے لئے شفا بخش ہے کسی عورت کا دودھ خشک ہو تو اس کے کھانے سے دودھ جاری ہو جاتا ہے۔ معدے کی رطوبت کو خشک کرتی ہے اور مادوں کو پکا دیتی ہے اور حمل ساقط کرتی ہے۔

ریحی قولنج کے لئے مفید ہے۔ استسقاء اور تلی کے لئے فائدہ بخش ہے۔ روغن زیتون کے ساتھ اس کو ہمیشہ استعمال کرنے سے رنگ سرخ کرتی ہے اور سرکہ کے ساتھ کھانے سے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔ سکنجبین کے ساتھ کھانے سے چوتھیا اور بلغمی بخار جاتا رہتا ہے۔ شہد کے ساتھ کھانے سے گردہ کی پتھری نکالتی ہے۔ اس کو جلا کر کھایا جائے تو بواسیر کے لئے مفید ہے اور اگر سخت قسم کا ورم ہو جائے تو شیر خوار بچے کے پیشاب میں ملا کر کلونجی کا لیپ کیا جائے تو ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔ سرکہ میں ملا کر برص پر لگائے تو برص اچھا ہو جاتا ہے اگر فوطہ سوج گیا تو سرکہ میں ملا کر لیپ کرنے سے فائدہ ہوتا ہے اور اندرائن کے پانی میں ملا کر ناف پر لیپ کرنے سے کدو دانے مر جاتے ہیں۔ سر کے بال بھورے ہو کر جھڑنے لگیں تو مہندی کے پانی میں ملا کر لگائے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



سے بال مضبوط ہو جاتے ہیں۔ گلاب میں ملا کر لگایا جائے تو قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے اور قتادہ فرماتے ہیں کہ اگر کلونجی کے اکیس دانے لے کر اور کپڑے میں باندھ کر پانی میں جوش دے کر پہلے روز داہنے نتھنے میں دو قطرے ٹپکائے اور بائیں میں ایک قطرہ اسی طرح تین روز تک جو شخص عمل کرے گا تو دماغ کے امراض سے محفوظ رہے گا۔ اسی لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ سوائے موت کے کلونجی میں ہر مرض سے شفا ہے۔

## کلونجی۔ حب السوداء

**مختلف نام:**

عربی: حبۃ السوداء۔ فارسی: شونیز۔ بنگالی: مگریلا۔ سندھی: کلوڑی۔
سنسکرت: کنچی۔ انگریزی۔ بلیک کیومن۔

بائبل میں بلیک کیومن کا ذکر ہے اس سے مراد بھی کلونجی ہے۔

**ماہیت:۔** تخم پیاز کے مشابہ سیاہ رنگ کے تخم ہیں جس کی بو تیز اور مزہ تلخ ہوتا ہے۔

بعض مؤلفین نے اس کے عربی نام حبۃ السوداء اور فارسی نام "سیاہ دانہ" کی وجہ سے اس کا ہندی نام کالا دانہ لکھا ہے جو کہ درست نہیں ہے کیوں کہ کالا دانہ درحقیقت حب النیل ہے جو کہ مسہلات میں مستعمل ہے۔

**مزاج:۔** گرم وخشک۔

**نفع خاص:۔** مدر بول وحیض اور یرقان کو مفید ہے۔

**مضر:۔** خناق اور دوران سر پیدا کرتی ہے۔

**مصلح:۔** کتیرا اور اشیاء سرد۔ بدل۔ انیسوں۔ مقدار خوراک۔ ایک ماشہ سے دو ماشہ تک۔

**افعال:** کلونجی بیرونی طور پر جالی اور جاذب خون ہے سونگھنے سے رطوبات دماغ کو ناک کی طرف جذب کرتی ہے۔ اندرونی طور پر کھلانے سے منفث بلغم اور محلل ریاح

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



تاثیر کرتی ہے۔ مقوی معدہ ملین طبع اور قاتل کرم شکم ہے۔ حیض کا ادرار کرتی ہے اور دردوں کو تسکین بخشتی ہے۔

## استعمال:

کلونجی کو تنہا یا مناسب ادویہ کے ہمراہ سرکہ میں پیس کر بہق، برص، داد، گنج داء الثعلب اور مہاسوں پر طلاء کرتے ہیں سرکہ میں بھگونے کے بعد پیس کر سر کے پرانے درد اور شقیقہ کو دور کرنے کے لئے سعوط کراتے ہیں۔ عورت کے دودھ میں پیس کر یرقان کو زائل کرنے کے لئے ناک میں قطور کرتے ہیں۔ بریاں کر کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر سرد زکام میں سونگھاتے ہیں نیز زکام میں اس کی دھونی دیتے ہیں۔ ضیق النفس اور رادع صدر کو زائل کرنے کے لئے سفوف بنا کر کھلاتے ہیں۔ ضعف معدہ، نفخ شکم، درد شکم، قولنج، استسقاء، یرقان، کرم شکم، وجع مفاصل، درد کمر اور اکثر سرد بلغمی امراض میں استعمال کراتے ہیں۔ احتباس حیض کو دور کرنے کے لئے سفوف بنا کر کھلاتے یا جوشاندہ بنا کر پلاتے ہیں۔ اس کا روغن تیار کر کے فالج، لقوہ، درد کمر وغیرہ میں مالش کرتے ہیں۔

## مزید تحقیقات:

کیمیائی تجزیہ سے پتہ چلا ہے کہ کلونجی میں روغن فراری اور ثمی روغن ایک تلخ جوہر نگیلن ٹے نی، رالین، سوادلحمیہ، گلوکوز، ساپونین، نامیاتی حامضے، اینوایسڈ وغیرہ اجزاء پائے جاتے ہیں۔

مشہور مرکبات:۔ 1۔ حب ملتیب، 2۔ جوارش شونیز، 3۔ معجن کلانج

زبان فارسی میں شونیز زیرہ کو کہتے ہیں۔ یہ زیرہ سیاہ ہے جسے ہندوستانی زیرہ بھی کہتے ہیں۔ ہروی نے حضرت حسنؓ سے نقل کیا ہے کہ یہ رائی کا دانہ ہے۔ ہروی نے بیان کیا ہے کہ یہ بن کا سبز رنگ کا پھل ہے۔ حالانکہ یہ دونوں محض خیال ہیں حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں صحیح بات یہی ہے کہ یہ شونیز (کلونجی) ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



اس کے اندر بہت سے فوائد ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے کلونجی کو ہر بیماری کا علاج فرمایا ہے۔ یہ تمام امراض باردہ میں نافع ہیں اور عارضی طور پر امراض حار یابس میں نفع بخش ہے۔ تر بار دواؤں کی قوتوں کو اس کی طرف تیزی سے لے جاتے ہیں۔ اس لئے کہ اس میں نفوذ اور قوت سرایت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اگر اس کو معمولی انداز میں ان دواؤں میں استعمال کیا جائے تو یہ باردہ نفوذ اور سرایت کر کے خاصا نفع بخش ہو جاتا ہے۔

''قانون'' کے مصنف شیخ نے بصراحت تحریر کیا ہے کہ قرص کافور میں زعفران کی آمیزش سے تیزی ہو جاتی ہے۔ کیونکہ زعفران میں قوت نافذ غیر معمولی طور پر ہوتی ہے اس قسم کی بہت سی مثالیں ہیں۔ جن کو ماہر اطباء جانتے ہیں اور امراض حارہ میں گرم دواؤں سے منفعت یہ کوئی بعید از قیاس بات نہیں۔ کیونکہ بہت سی دواؤں میں اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ چنانچہ انزروت کے مرکبات، آشوب چشم میں کام آتے ہیں۔ اسی طرح شکر گرم ہونے کے باعث آشوب چشم میں استعمال کی جاتی ہے۔ حالانکہ آشوب چشم ورم حار ہے، تمام اطباء اس پر متفق ہیں، ایسے ہی خارش میں گندھک بہت زیادہ مفید ہے۔

کلونجی کا مزاج تیسرے درجے میں گرم خشک ہے، اس کے استعمال سے اپھارہ ختم ہو جاتا ہے۔ کدو دانے اس سے نکل جاتے ہیں، برص اور معیادی بخار کے لئے نافع ہے۔

## حمی الربع:

ایسے بخار کو کہتے ہیں جو چوتھے دن کی باری سے آتا ہے۔ اسی طرح بلغمی بخار کے لئے نفع بخش ہے۔ سدے کھول دیتا ہے۔ تحلیل ریاح کرتا ہے۔ رطوبت معدہ کو خشک کرتا ہے۔ اگر اس کو پیس کر شہد کے ساتھ معجون بنایا جائے اور گرم پانی کے ساتھ استعمال کیا جائے تو گردے اور مثانے کی پتھری کو گلا کر نکال دیتا ہے۔ اگر اس کو چند دن مسلسل استعمال کیا جائے تو پیشاب اور حیض آتا ہے اور دودھ زیادہ پیدا کرتا ہے۔ اگر اس کو سرکہ کے ساتھ گرم کر کے شکم پر ضماد کیا جائے تو کدو دانے کو مارتا ہے۔ اگر تازہ اندر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



رائن کے رس کے ساتھ معجون یا جوشاندے کے طور پر استعمال کریں تو پیٹ کے کیڑوں کو نکالنے میں نفع بخش ہے۔ معدے کا جلا دیتا ہے۔ کیڑوں کی پیدائش کو روکتا ہے۔ اور تحلیل ریاح کرتا ہے۔ اگر اس کو باریک پیس کر کسی باریک کپڑے میں چھان لیں اور اس کو برابر سونگھیں تو نزلہ بارد کو ختم کر دے گا۔

اس کا تیل بال خورہ کے لئے نفع بخش ہے۔ مسوں اور بدن کے تل کی افزائش کو روکتا ہے۔

## خیلان:

خال کی جمع ہے۔ بدن کے تل کو کہتے ہیں۔ یعنی ایسی سیاہ پھنسی جس کے اردگرد عموماً بال نکلتے ہیں۔ رخسار کے تل پر اکثر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

اگر ساڑھے چار گرام پانی کے ساتھ اس کو پی لیں تو دمہ اور ضیق نفس سے نجات مل جائے گی۔ اس کا ضماد بارد سر درد کے لئے مفید ہے۔ اس کے سات دانے کسی عورت کے دودھ میں بھگو دیئے جائیں اور اس کو یرقان کے مریض کی ناک میں چڑھایا جائے تو اس کو پورا پورا فائدہ ہوتا ہے۔

اگر اس کو سرکہ میں ملا کر پکا لیا جائے اور اس سے کلی کی جائے تو ٹھنڈک کی وجہ سے ہونے والے دانت کے درد میں مفید ہے۔ اگر اس کے سفوف کو ناک میں چڑھایا جائے تو ابتداء آنکھ سے پانی گرم کرنے کے لئے مفید ہے۔ اگر سرکہ میں ملا کر اس کا ضماد کیا جائے تو گرمی دانے اور تر کھجلی کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔ اگر اس کا تیل ناک میں چڑھایا جائے تو لقوہ کے لئے مفید ہے اور اگر اس کا تیل سوا دو سے ساڑھے چار گرام تک استعمال کریں تو کیڑے مکوڑے کے ڈنک کے لئے مفید ہے۔ اگر خوب پیس کر گندہ بروزہ کے پھل کے تیل میں ملا کر اس کے دو تین قطرے کان میں ٹپکائیں تو ٹھنڈک کی وجہ سے ہونے والے کان کے درد کے لئے نافع ہے۔ اسی طرح ریاح اور

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



سدے کو رفع کرتا ہے۔

اگر اس کو بھون کر باریک پیس لیں اور روغن زیتون میں ملا کر اس کے تین یا چار قطرے ناک میں ڈالیں تو اس زکام کو جس میں بکثرت چھینک آتی ہے ختم کر دیتا ہے۔

اگر اس کو جلا کر روغن چنبیلی یا روغن مہندی میں ملا کر پنڈلی کے زخموں پر سرکہ سے دھونے کے بعد ملا جائے تو بے حد مفید ہے۔ اس سے زخم مندمل ہو جائے گا اور اگر سرکہ کے ساتھ پیس کر برص، جسم کے سیاہ داغ اور پھنسیوں پر ملا جائے تو یہ بیماریاں جاتی رہیں گی۔

حزاز:۔ جلد پر ہونے والی ایک بیماری ہے جس سے جلد چھل جاتی ہے اور پھیلتی ہے۔ وہ اس بھوسی کی طرح ہوتی ہے جو سر سے گرتی ہے۔ چنانچہ بدن سے بھوسی چھوٹتی ہے اور خارش ہوتی ہے۔ اگر اس کو باریک پیس کر کلونجی کا سفوف روزانہ دو درہم کی مقدار ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کیا جائے تو باؤلے کتے کے کاٹے کے لئے بھی مفید ہے۔ اور آدمی ہلاکت سے بچ جاتا ہے۔ اس کے تیل کو ناک میں چڑھایا جائے تو فالج اور رعشہ کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے اور ان کے مادے کو ختم کر دیتا ہے۔ اگر اس کا بخور کیا جائے تو کیڑے مکوڑے ختم ہو جاتے ہیں۔

اگر انزروت کو پانی میں گھول کر مقعد کے اندرونی حصے پر مل دیا جائے پھر اس پر سفوف کلونجی چھڑک دیا جائے تو یہ بواسیر کو ختم کرنے کے لئے اعلیٰ ترین اور بے حد مفید ثابت ہوگا۔ اس کے فائدے بیان سے بھی کہیں زیادہ ہیں۔ اس کی خوراک دو درہم کی مقدار تک ہے۔ بعض اطباء کا خیال ہے کہ اس کا زیادہ استعمال مضر اور مہلک ہے۔

## احادیث نبوی ﷺ بسلسلہ کلونجی

1۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا...... ''تم کلونجی (حبۃ السوداء) کو استعمال کیا کرو۔ اس لئے کہ اس میں موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفا موجود ہے۔'' (راوی: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ بخاری، مسلم، ابن ماجہ، مسند احمد)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



2۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا...... ''کلونجی (شونیز) موت کے سوا ہر بیماری کا علاج ہے۔'' (راوی: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ مسند احمد)

3۔ خالد بن سعد بیان کرتے ہیں کہ میں غالب بن جبر کے ہمراہ سفر میں تھا۔ وہ راستہ میں بیمار ہو گئے۔ ہماری ملاقات کو ابن ابی عتیق (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے) تشریف لائے۔ مریض کی حالت دیکھ کر فرمایا کہ کلونجی (حبۃ السوداء) کے پانچ سات دانے لے کر ان کو پیس لو پھر انہیں زیتون کے تیل میں ملا کر ناک کے دونوں طرف ڈالو۔ کیونکہ ہمیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے کہ ان کالے دانوں (حبۃ السوداء) میں ہر بیماری سے شفا ہے مگر سام سے۔ میں نے پوچھا سام کیا ہے۔ انہوں نے کہا موت۔ (راوی: حضرت خالد بن سعد۔ بخاری، ابن ماجہ)

4۔ رسول خدا ﷺ نے فرمایا...... ''تم اپنے اور ان کالے دانوں (حبۃ السوداء) کو لازم کر لو کہ ان میں موت کے علاوہ ہر بیماری سے شفا ہے۔'' (راویہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔ مسند احمد۔ راوی: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔ ابن ماجہ۔ راوی: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ ترمذی)

5۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا...... ''بیماریوں میں موت کے سوا کوئی ایسی بیماری نہیں جس کے لئے کلونجی (حبۃ السوداء) میں شفا نہ ہو۔ (راوی: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ مسلم)

6۔ سیرت رسول ﷺ کی کتابوں میں درج ہے کہ رسول اللہ ﷺ شہد (عسل) کے ساتھ کلونجی (حبۃ السوداء) کا استعمال مستعمل فرماتے تھے۔

نوٹ: محدثین نے عام طور پر فارسی لفظ شونیز کو حبۃ السوداء کا ہم معنی بتایا ہے اور چونکہ یہ کالے بیج ہوتے ہیں لہٰذا ان کو کمون اسود کا بھی نام دیا ہے۔ فارسی میں سیاہ برنج اور سیاہ دانہ کے نام سے جو بیج جانے جاتے ہیں۔ وہ کروہ کے بیج ہیں جنہیں سیاہ زیرہ بھی کہا جاتا ہے۔ نباتاتی طور سے یہ Cartum Carvi کے بیج ہیں جن کا کلونجی یعنی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں


حبۃ السوداء سے کوئی واسطہ نہیں۔ اسی طرح Impomea hederacea سے حاصل کردہ بیج بھی کالا دانہ کہلاتا ہے۔ کچھ لوگ تو کالی رائی (Brasica nigre) کو بھی کالا دانہ کہہ دیتے ہیں۔ غرضیکہ سیاہ دانہ، کالا دانہ، سیاہ زیرہ، سیاہ دانہ یا کالی جیری وغیرہ نام سے جو بیج بازاروں میں بکتے ہیں وہ کلونجی یعنی حبۃ السوداء سے مختلف ہیں۔

حبۃ السوداء کا ذکر کنزاک Kegzach کے نام سے مقدس بائبل میں بھی ہوا ہے جس کا ترجمہ انگریزی میں Black Cumin (Jastrow Version) کے نام سے کیا گیا ہے۔

بقراط Hippocratus اور ڈائس کورائی ڈس Dioscorides نے اپنی تصنیفات میں حبۃ السوداء کو Melathion کا نام دیا ہے جبکہ پلائنی Pliny نے اسے gith کہا ہے۔ ابن عربی حبۃ السوداء کو حبۃ الخزراء بھی لکھتے ہیں۔ جبکہ کمال حسن کی لکھی گئی (Encyclo pedia of Islamic Medicine) میں Pistacia terebinthus نامی پودے کے بیجوں کو حبۃ الخزراء بتایا گیا ہے۔ قدیم فارسی لٹریچر میں شونیز بہ معنی حبۃ السوداء کو شینیز بھی لکھا گیا ہے۔

کلونجی کا استعمال یوں تو کھانے میں خوشبو کے طور پر کیا جاتا ہے لیکن حالیہ سائنسی تحقیق کے اعتبار سے کلونجی میں بے پناہ طبی فوائد بتائے گئے ہیں اس میں Antibacterial activity بھی پائی گئی ہے۔

**ماہیت:۔** عام لوگ اسے پیاز کا بیج یا کالی زیری کہتے ہیں جب کہ نہ تو کالی زیری ہے۔ اور نہ ہی پیاز کا بیج ہے۔ اس کا پودا بادیان کے پودے کے برابر ہوتا ہے۔ جس پر پھلیاں لگتی ہیں جن میں کالے تل کے برابر موٹے دانے ہوتے ہیں جو کلونجی کہلاتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں


## کاشت کا موسم اور علاقہ:

گندم کے ساتھ کلونجی کی کاشت ہوتی ہے اور گندم کے ساتھ یہ پکتی ہے۔ پاکستان کے میدانی علاقوں ملتان، بہاولپور اور سندھ میں آسانی سے کاشت کی جا سکتی ہے۔

## کلونجی کا استعمال:

کلونجی کا دوسری چیزوں کے ساتھ ملا کر مندرجہ ذیل بیماریوں کے لئے استعمال ہو رہا ہے۔

1۔ ہائی بلڈ پریشر اور دیگر امراض قلب 2۔ قوتِ حافظہ کے لئے
3۔ سرطان (کینسر کے لئے) 4۔ آنکھوں کا موتیا 5۔ قبض
6۔ بہرہ پن اور کان کا بہنا 7۔ ہچکی 8۔ یرقان 9۔ پیچش
10۔ شوگر (ذیابیطس) 11۔ گنجاپن

اس کے علاوہ دیگر بے شمار امراض میں اس کا استعمال ہو رہا ہے۔

**مزاج:۔** کلونجی کا مزاج گرم خشک ہے۔

**مقدار خوراک:** کلونجی کا مقدار گرم ہونے کی وجہ سے اس کا تین ماشہ سے زیادہ استعمال ٹھیک نہیں ہے۔ اسے کسی چیز کے ساتھ ملا کر کھانا چاہیے۔

## کلونجی کا استعمال

☆ چہرے کی چھائیاں اور داغ دھبے ختم کرتی ہے۔
☆ چہرے کی جھریاں ختم کر کے ہمیشہ جوان رکھتی ہے۔
☆ چھاتی کے ڈھیلے پن کو دور کرتی ہے۔
☆ جسم کو خوبصورت اور سمارٹ رکھتی ہے۔
☆ کمزور جسم کو طاقت ور، صحت مند اور خوبصورت بناتی ہے۔
☆ سکری، خشکی ختم کر کے [illegible] کو لمبا کرتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



☆ بے پناہ مردانہ قوت پیدا کرتی ہے۔

☆ لیکوریا کو ختم کر کے کمزوری میں مفید ہے۔

☆ جوڑوں کے درد اور اعصابی کمزوری میں مفید ہے۔

☆ دمہ اور خشک کھانسی کے لئے جادو اثر دوا ہے۔

☆ خون کی کمی، چہرے کی زردی اور ضعف جگر کے لئے مفید ہے۔

☆ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ ☆ پیٹ درد قبض کے لئے مفید ہے۔

☆ خونی و بادی بواسیر ختم کرتی ہے۔

☆ شوگر کو صرف ایک ماہ میں ختم کرتی ہے۔

☆ جریان واحتلام اور سرعت انزال کو ختم کرتی ہے۔

☆ عضو تناسل کی جملہ بیماریوں کے لئے مفید ہے۔

☆ پرانا نزلہ وزکام اور کیرا کے لئے جادو اثر ہے۔

☆ بلغمی کھانسی نزلہ وزکام کے لیے بہت مفید ہے۔

☆ اٹھرا بانجھ پن ورم رحم کے لئے بے مثال نسخہ ہے۔

☆ درد شقیقہ اور پرانے درد کے لئے مفید ہے۔

☆ خون کے دباؤ (بلڈ پریشر) کا مانا ہوا علاج ہے۔

☆ قبض کی بے قاعدگی کی کمی یا زیادتی کے لیے مفید ہے۔

☆ پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرنے کے لیے موثر دوا ہے۔

☆ کیلشیم کی کمی کو پورا کرتی ہے۔ ☆ دل کو طاقت دیتی ہے۔

☆ نظر کی کمزوری دھندلہ پن کو دور کرتی ہے۔

☆ گردے اور مثانے کی پتھری کو خارج کرتی ہے۔

☆ ہر قسم کی خارش کے لیے مفید ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں :



☆ چہرے اور پنڈلیوں کے فالتو بالوں سے نجات دیتی ہے۔

☆ جو بچے بستر پر پیشاب کرتے ہیں ان کے لیے مفید ہے۔

☆ چھوٹے قد کو بڑھانے میں معاون ہے۔

☆ مردانہ بانجھ پن کے خاتمے اور جراثیموں کی افزائش کیلئے یکساں مفید ہے۔

☆ ہیپاٹائٹس کے مکمل خاتمہ کے لئے کامیاب ہے۔

☆ دانتوں کے تمام امراض سے نجات کے لئے فائدہ بخش ہے۔

☆ پرانے سے پرانے بخار کو ختم کرنے کے لیے مفید ہے۔

☆ ہر قسم کے کینسر کا جڑ سے خاتمہ کرنے کے لیے اکسیر ہے

☆......☆......☆

## 01 آنکھ کے امراض:۔

کلونجی لے کر باریک پیس لیں اور پانی میں جوش دیں پھر کلونجی کو کپڑے میں باندھ کر نکور کریں اور اس کا پانی آنکھ میں ڈالیں۔ بفضل تعالیٰ شفاء نصیب ہوگی۔

## 02 بھینگا پن:۔

پلکوں اور آنکھ کے گرد سونے سے پہلے آدھے گھنٹے تک کلونجی آئل لگائیں اور ایک چمچہ کلونجی آئل ایک کپ گاجر کے جوس کے ساتھ پیتے رہیں یہ عمل ایک ماہ تک جاری رکھیں

## 03 آنکھوں کا ورم:۔

کلونجی لے لیں پاؤ یا ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں پھر آنکھوں کو دھولیں۔ اسی جوش شدہ پانی سے انشاء اللہ ورم ختم ہو جائے گا۔ یہ عمل چند یوم کرنا پڑے گا۔

## 04 آنکھوں کی حفاظت کے لئے سرمہ:۔

کلونجی آدھا چھوٹا چمچ، اثمد آدھا چھوٹا چمچ لے لیں پھر کلونجی اور اثمد دونوں کو علیحدہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



علیحدہ پیس کر سفوف بنالیں۔ حد درجہ باریک کریں پھر آپس میں ملالیں۔ پھر آنکھوں میں سلائی سے لگائیں۔

## 05 آنکھوں کی زردگی:۔

کلونجی کے سات دانے ایک گھنٹہ کے لئےعورت کے دودھ میں ڈبودیں۔ پھر اس کا سعوط ناک میں کریں۔ آنکھوں کی زردی کے لئے مفید ترین چیز ہے۔

## 06 ابتدائی موتیا:۔

اگر موتیا ابتدائی حالت میں ہو تو روزانہ کلونجی کا تیل آنکھ میں ڈالیں۔

## 07 اختلاج القلب:۔

اختلاج القلب میں دل پھڑکتا ہے اور نبض غیر منظم چلتی ہے یعنی نبض میں نظم نہیں ہوتا۔ کلونجی پانچ گرام، برگ بادرنجبویہ بیس گرام۔ دونوں کا جوشاندہ تیار کرلیں۔

**طریقہ استعمال:۔** دواء المسک معتدل جواہر دار تین گرام۔ مذکورہ بالا جوشاندہ کے ہمراہ کھائی جاتی ہے۔

## 08 اخراجِ پتھری کے لئے:۔

شہد، تھوم باریک شدہ، کلونجی، حرمل، زیرہ سفید، ہم وزن کو پیس کر ملالیں یہ ایک معجون کی شکل میں تیار ہوگا۔ ایک چمچہ نہار منہ تین دن مریض کو کھلائیں۔ باذن اللہ تعالیٰ شفاء نصیب ہوگی۔

## 09 استسقاء (پیٹ میں پانی بھر جانا):۔

سبز کریلا کوٹ کر پانچ تولہ پانی میں نچوڑ لیں۔ اس میں دو تولہ شہد اور دس قطرے کلونجی کا تیل ملا کر ایک دفعہ روز پئیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 10 اعصاب کی کمزوری کا علاج:۔

کلونجی 25 گرام، مغز فندق 25 گرام، برہمی بوٹی 25 گرام کوٹ پیس کر یکجاں کرلیں۔ ایک تا پانچ گرام تازہ پانی کے ساتھ۔

## 11 اعصابی تناؤ:۔

ایک چمچہ کلونجی آئل ایک کپ چائے کے ساتھ آپ کو سکون بخشتا ہے اور تناؤ کی تمام علامات کو دور کرتا ہے

**مقدار خوراک:** دن میں ایک دفعہ استعمال کریں۔

## 12 اکسیر درد معدہ:۔

۔ آدھا گلاس پانی نیم گرم کے اندر چٹکی بھر نمک اور کلونجی کا تیل دس قطرے ملا کر پلائیں۔فوری شفاء حاصل ہوگی۔

## 13 التہاب حلق:۔

کلونجی آدھا چمچہ، دودھ تازہ ایک کپ۔کلونجی کو دودھ کے ساتھ مکس کرلیں۔کلونجی کی چائے تیار کریں۔پھر جوش شدہ کلونجی کے پانی میں دودھ ملا کر غرارے کریں۔

## 14 التہاب گردہ:۔

کلونجی، زیتون کا تیل،کلونجی کو باریک پیس کر درد والی جگہ پر زیتون کے تیل میں ملا کر لگائیں۔اور کچھ سفوف کلونجی نہار منہ کھلائیں۔ یہ سات دن کا علاج ہے۔

دوسرا نسخہ: سفوف کلونجی ایک حصہ، شہد مصفٰی تین حصے معجون تیار کر کے آدھی آدھی چمچی چائے والی صبح و شام کھائیں۔

## 15 السر معدہ و امعاء:۔

کلونجی 25 گرام، رال سفید 50 گرام، چھلکا اسبغول 50 گرام۔ ملٹھی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



50 گرام، ہلدی 50 گرام، تمام ادویہ باریک کر کے محفوظ کر لیں۔ صبح دوپہر شام تین تین گرام کھلایا جائے۔

## 16 امراض جلدیہ:۔

کلونجی کا تیل، آدھا چمچہ روغن گلاب، ہلدی ایک چمچہ، سرکہ حسب ضرورت، سرکہ کے علاوہ ادویہ کو مکس کر لیں۔ سرکہ سے تکلیف زدہ عضو کی مالش کریں اور مکس دوا کو تکلیف والی جگہ پر لیپ کریں۔ مچھلی، انڈا اور ان جیسی گرم اشیاء سے پرہیز کرنا لازمی ہے۔

## 17 امراض قلب اور تنگی شریان خون:۔

ایک چمچہ کلونجی کا تیل کسی بھی گرم مشروب کے ساتھ پیجئے۔ یہ چربی گھلا کر رگوں اور شریانوں کو کشادہ کرتا ہے (دن میں ایک دفعہ روزانہ استعمال کریں۔)

## 18 امراض گردہ اور مثانے کا علاج:۔

کلونجی 100 گرام، شہد مصفّٰی 100 گرام، کلونجی پیس کر شہد میں معجون بنائیں پھر یہ معجون چائے والا چمچہ نصف یا ایک کپ ٹھنڈے پانی کے ساتھ یہ دوا نہار منہ روزانہ استعمال کریں۔

## 19 امراض ناک:۔

کلونجی کا تیل، زیتون کا تیل ہم وزن لے کر ملا لیں اور ناک میں روزانہ علی الصبح ٹپکائیں۔ تین قطرے روزانہ ڈالیں۔ یہ علاج دس یوم تک کریں۔

## 20 انتڑیوں کے کیڑوں کا علاج:۔

کلونجی، چربی دونوں ادویہ کو ملا کر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو مقعد پر اس کی مالش کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 21 انتڑیوں کے ہر مرض کے لئے:۔

کلونجی ایک چمچہ، ٹماٹر کا جوس ایک کپ، نمک طعام معمولی اضافہ کریں۔ نہار منہ جوس کے ساتھ پلائیں۔ یہ عمل ایک ہفتہ کریں۔

## 22 درد دل کا شافی علاج:۔

حرمل، کلونجی ہم وزن لے کر اچھی طرح پیس لیں اور اچھی شکر ملا کر استعمال کرائیں۔ بے حد نافع ہے۔

## 23 دل کی قریبی رگ کا درد:۔

مندرجہ ذیل نسخہ ایک بزرگ طبیب کا ہے جن کے ہاتھوں میں شفا تھی اور ان کی شہرت کا ڈنکا ہر طرف بجتا تھا۔ اللہ والے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔

1۔ دیسی لہسن، زعفران ہم وزن لیں۔ دونوں کو باریک کر کے کابلی چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک تا دو گولی صبح و شام دس گرام کلونجی کے جوشاندہ سے کھائی جاتی ہے۔

2۔ کلونجی سات گرام، ادرک پانچ گرام، پودینہ پانچ گرام لہسن پانچ عدد (تریاں)

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کچل کر ایک پاؤ پانی میں ہلکی آنچ پر جوش دیں۔ جب پانی تین چھٹانک رہ جائے تو چھان کر پی لیا کریں۔ اسی طرح شام اور رات کو کیا جائے۔

## 24 ایگزیما کا علاج:۔

امراض جلد میں یہ مشہور مرض ہے اور اس کا شمار بھی اُن امراض میں ہوتا ہے جن کا علاج مشکل ہوتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



1۔کلونجی تخم بانچی، گل منڈی، پودینہ خشک، سرپھوکا۔ان تمام ادویہ کو باریک کر کے سفوف تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: یہ سفوف دن میں تین بار تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں اور اسی سفوف کا مہندی کے پتوں کے اضافے سے بدن پر لیپ کریں۔ بہت لاجواب شے ہے۔

2۔کلونجی، روغن کلونجی۔کلونجی کی چائے بنائیں اور روغن کلونجی کو مرض والی جگہ پر لگائیں اور کلونجی کے قہوہ میں چند قطرے روغن کلونجی شامل کریں۔

3۔ مہندی کے پتے 25 گرام، سنامکی 10 گرام، کلونجی 10 گرام، سرکہ 500 گرام، قسط شریں 10 گرام۔ان سب کو پانچ منٹ ابال کر چھان لیں۔اب اس لوشن میں کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ لگائیں۔ساتھ خالص شہد ایک چمچ دس قطرے کلونجی تیل کے ساتھ کھلائیں۔

## 25 بالخورہ:۔

1۔آب ادرک، سرکہ، روغن کلونجی، تخم کلونجی، آب ادرک اور سرکہ ہم وزن لے کر سر میں لگائیں اور رات کو سونے سے قبل تخم کلونجی کو روغن کلونجی اور سرکہ میں پیس کر متاثرہ مقام پر لیپ کریں۔چند یوم کا استعمال ہمیشہ کے لئے اس مرض کو جڑ سے اکھاڑ دے گا۔

2۔ادرک کا پانی نکال کر اس میں ہم وزن سرکہ ملا کر لگائیں۔رات کو سونے سے پہلے کلونجی کے دانوں کو کلونجی کے تیل اور سرکہ میں ہم وزن پیس کر متاثرہ جگہ پر لیپ کریں۔انشاءاللہ شفا حاصل ہوگی۔

## 26 بال گرنا:۔

1۔سر پر اچھی طرح لیموں کا رس لگائیں اور پندرہ منٹ کے لئے چھوڑ دیں۔اس کے بعد شیمپو اور پانی سے سر دھولیں اور اچھی طرح خشک ہونے کے بعد سر پر کلونجی آئل لگائیں۔ایک ہفتہ تک یہ عمل دہرائیں۔بال گرنا بند ہو جائیں گے اور بالوں میں نئی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



چمک دمک آجائے گی۔

2۔سفوف کلونجی ایک چھوٹا کپ، آب تارہ میرا، ایک کپ سرکہ خشک، سیب آدھا کپ، زیتون کا تیل، فنجان، تمام کا کپ تیار کریں۔ رات کو سر پر لیپ لگائیں۔ صبح سر کو تازہ پانی اور صابن سے دھوڈالیں۔

## 27 بالوں کو لمبا کرنے کے لئے:۔

کلونجی کا تیل، کلونجی صعتر، زیتون کا تیل اور صعتر کو پیس لیں۔ بالوں کی جڑوں کو کلونجی کا تیل لگائیں، کلونجی کی چائے پئیں اور صعتر کو زیتون کے تیل کے ساتھ کھائیں۔

## 28 بالوں کی سکری اور خشکی کا علاج:۔

1۔کلونجی، تخم بابچی، گل منڈی، پودینہ خشک، سرپھوکا، ہم وزن لے کر سفوف تیار کر کے زیتون کے تیل کے ساتھ استعمال کریں یعنی بالوں میں بھی لگائیں اور کھائیں بھی۔، یہ نہایت مؤثر چیز ہے۔ بالوں کی جڑوں میں یہ لیپ لگائیں اور اوپر اچھی طرح کپڑا باندھ لیا کریں۔ کم از کم چار گھنٹے بندھا رہے۔ پھر تازہ پانی سے دھولیں۔ یہ چیز بالوں کے تمام امراض کے لئے فائدہ مند ہے۔

2۔ بیری کے پتے ایک پاؤ لے کر ڈھائی تولہ کلونجی، چار لیٹر پانی میں ابال لیں۔ نیم گرم پانی سے روزانہ سر کے بال دھولیا کریں۔ اوپر دوسرا پانی استعمال نہ کریں تاکہ یہ پانی جذب ہوجائے۔

## 29 بالوں کے لئے:۔

عورت کے حُسن کا ایک اہم پہلو بال ہیں۔ جہاں مردوں کی زیبائش و آرائش کی خاطر سر کے بال جزو لازم ہیں اس سے کہیں زیادہ عورت کے خاطر بال، حُسن و جمال جاودانی کی بقاء کی خاطر لازم اور اہمیت کے حامل ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



1۔اسبغول ثابت پانچ تولہ ایک کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔صبح اچھی طرح مل کر اس کو لال کپڑے میں سے چھان لیں۔پھر کلونجی باریک میدہ شدہ ڈھائی تولہ شامل کر کے سر کے بالوں کی جڑ میں اچھی طرح لگائیں۔کم از کم یہ لیپ تین، چار گھنٹے لگا رہے۔اس کے بعد تازہ پانی سے دھولیں۔کچھ عرصہ بعد سر کے بال بڑھنا اور زیادہ ہونا شروع ہو جائیں گے اور گرنا رک جائیں گے۔بعض دفعہ بال دو شاخ والے ہو جاتے ہیں۔یہ نسخہ اس حالت میں بھی درکار ہے۔

2۔بیری کے سبز پتے ایک پاؤ اور کلونجی ڈھائی تولہ ملا کر خوب باریک پیس لیں۔حتیٰ کہ پتے اور کلونجی یک جان ہو جائیں اور لیپ تیار ہو جائے۔اگر یہ دوا گاڑھی ہو تو تھوڑا سا پانی ملا لیں۔

## 30 بانجھ پن کا علاج:۔

میتھی کا سفوف چار ماشہ، شہد خالص آدھا کپ، دودھ۔دودھ کے علاوہ تمام اجزاء کو مکس کرلیں اور صبح و شام ایک ایک چمچہ تناول کریں۔دودھ ایک کپ اس کے ساتھ پلائیں۔

## 31 بخار کا علاج:۔

1۔کلونجی، لیموں کا تیل۔لیموں کو نچوڑ کر رس نکال لیں۔کلونجی کی دھونی مریض کو دیں۔

2۔لیموں کے رس میں چند قطرے کلونجی کا تیل ملا کر مریض کو پلائیں تو بخار بہت جلد اتر جائے گا اور انشاءاللہ شفا نصیب ہو گی۔

## 32 برص کا علاج:۔

1۔حب الرشاد 50 گرام، کلونجی 50 گرام، برگ مہندی 10 گرام، سرکہ 900 گرام، سرکے میں تمام ادویہ ابال لیں۔نیم گرم چھان کر روغن کلونجی ملا کر برص کے داغ دھبوں پر لگائیں تو نہایت مفید ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



2۔ بابچی اور کلونجی ہم وزن لے کر خوب باریک سفوف تیار کر لیں۔

3۔ ہلدی سبز ایک کلو، کلونجی ایک کلو، نیم کی نمولی کوٹی ہوئی پانچ کلو، گل منڈی ایک کلو، مجیٹھ ایک کلو۔ ان تمام ادویہ کو ایک من پانی میں بھگو دیں۔ دس یوم کے بعد مروجہ طریقہ پر ان کا عرق کشید کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین گرام سفوف صبح و شام پانچ تولہ عرق کے ساتھ کھلائیں اور بیرونی طور پر مریض کو انڈے کی زردی کے تیل میں کلونجی باریک شدہ کا لیپ لگائیں۔ یہی نسخہ کوڑھ کے مریضوں کے لئے بھی مفید ہے بلکہ اکسیر ہے۔

4۔ کلونجی کے دانے 50 گرام، حب الرشاد 50 گرام پیس کر سفوف بنالیں۔ صبح شام کھانے کے بعد چار گرام ایک قطرہ کلونجی کے ساتھ ملا کر کھائیں ساتھ اتنا ہی مقدار میں یہ دونوں سفوف 900 گرام سرکہ اور دس گرام مہندی میں دس منٹ ابال کر چھان لیں۔ صبح و شام کلونجی کے تیل کے ساتھ برص پر لگائیں۔

## 33 برص اور بہق:۔

1۔ سفوف کلونجی، سرکہ سیب، دونوں چیزیں لے کر مرہم تیار کر لیں۔ دھوپ میں بیٹھ کر تکلیف اور مرض والی جگہ پر یہ مرہم لگائیں۔ مسلسل کئی بار لگائیں۔ حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ شفا عطا کر دے۔

2۔ سفوف کلونجی ایک چمچہ، سرکہ سیب ایک چمچہ، مہندی ایک چمچہ۔ سب کو ملا کر مرہم تیار کر لیں اور شام کو سوتے وقت لگا کر سو جائیں اور صبح دھو ڈالیں۔ یہ ایک ماہ کا کورس ہے۔

## 34 برص اور سفید و سیاہ جھائیوں کا علاج:۔

کلونجی اور سرکہ ہم وزن لے کر کلونجی کو باریک پیس لیں۔ سیب کا سرکہ شامل کر کے مرہم تیار کریں اور برص کے سفید داغوں پر اور جھائیوں پر لگائیں اور اوپر اچھی طرح پٹی باندھ لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 35 بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کرنے کا نسخہ:۔

کلونجی 250 گرام، کالی زیری 250 گرام، گندھک ڈنڈا 250 گرام۔ سب ادویہ کو پیس کر محفوظ کر لیں۔ صبح شام دو دو گرام نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کرتا ہے۔ خصوصاً ولادت کے بعد عورتوں کے بڑھ جانے والے پیٹ کو کم کرتا ہے۔

## 36 بڑی آنت کا ورم:۔

کلونجی 50 گرام، گندم کی بھوسی 100 گرام، ہلدی 50 گرام، ورق نقرہ 50 عدد۔ تمام ادویہ باریک کر لیں۔ دن میں تین چار مرتبہ عرق مکو، عرق بادیان آدھا آدھا کپ کے ہمراہ کھلایا جائے۔

## 37 بلڈ پریشر نارمل:۔

کلونجی 9 گرام، بن سانجلی 5 عدد، لہسن دیسی تین تریاں چھیل کر دو چمچے شہد ملا کر آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب پانی تین چھٹانک رہ جائے تو چھان کر پیا جائے۔ انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

## 38 بلغمی کھانسی کا علاج:۔

کلونجی بیس گرام، فلفل دراز پچاس گرام باریک پیس کر رکھ لیں۔ ہر چار گھنٹے بعد ایک ایک گرام پانی سے لیں۔

## 39 بندش کے لئے:۔

اگر پیشاب یا حیض کی بندش ہو جائے تو سفوف کلونجی وقفہ وقفہ سے چائے والے چمچ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ نیز عورتوں کی کئی ایک بیماریوں کے لئے سفوف کلونجی مفید ثابت ہوتا ہے مثلاً نلوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، جی متلانا اور ٹانگوں کا درد، بدن کا ٹوٹنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



وغیرہ تمام امراض کا شافی علاج ہے۔

## 40 بواسیر :-

1۔ کلونجی ایک چمچ ،چینی ایک چمچ ۔ان دونوں ادویہ کا امتزاج کریں۔ نصف چمچہ روزانہ پانی کے ساتھ استعمال کرائیں ۔مگر پانی زیادہ استعمال کریں۔

2۔ کلونجی ایک چمچ ،شکر ایک چمچ ۔ دونوں کا سفوف بنا کر مکس کرلیں۔نصف چمچہ روزانہ تین چار بار پانی کے ساتھ استعمال کریں۔پانی زیادہ پلائیں۔

3۔ سفوف برگ مہندی 50 گرام ،خالص زیتون کا تیل 250 گرام لے کر اچھی طرح ابال لیں پھر چھانے بغیر رات کو سوتے وقت روئی کے ساتھ یہ تیل اور روغن کلونجی ملا کر لگائیں۔ اسی طرح صبح کو بھی لگائیں۔ اور صبح نہار منہ چار عدد انجیر لے کر دس قطرے روغن کلونجی ڈال کر مریض کو کھلایا جائے بہت جلد شفا نصیب ہوگی۔

4۔ پسے ہوئے مہندی کے پتے 50 گرام ،خالص زیتون کا تیل 250 گرام ،اچھی طرح ملا کر پانچ منٹ ابال کر چھانے بغیر رکھ لیں۔رات کو سونے سے پہلے بواسیر پر روئی کی مدد سے یہ تیل تین قطرے کلونجی کا تیل ملا کر لگا دیں۔ اسی طرح صبح بھی لگائیں صبح نہار منہ چار سے پانچ انجیر ،دس قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ کھالیں۔

5۔ بواسیر ایک اذیت ناک مرض ہے ایک بار جسے لاحق ہو جائے تو پھر مشکل سے جان چھوٹتی ہے۔ذیل میں بواسیر کے لئے داخلی وخارجی نسخہ جات تحریر کئے جا رہے ہیں۔

کلونجی ،رسوت ،ریٹھے کا چھلکا ہم وزن۔

• تینوں ادویہ خوب باریک پیس کر پانی کی مدد سے کابلی چنے کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔شدید حالت میں صبح دوپہر شام دو دو گولیاں ۔ عام حالت میں صبح شام دو دو گولیاں تازہ پانی سے ۔ اگر بواسیر خونی ہو اور خون کثرت سے خارج ہوتا ہو پھر شربت انجبار دو تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 41 تلی کے بڑھنے کا علاج:۔

برنجاسف 9 گرام، پودینہ 9 گرام، افسنتین 3 گرام، کلونجی 6 گرام، سرپھوکا 3 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو ایک کپ تیز گرم پانی میں رات کو بھگو دیں صبح اٹھ کر مل چھان کر اس ایک کپ میں دو عرق مکو اور ایک کپ عرق کاسنی ملا کر تمام دن یہی عرق مریض کو پلائیں۔ مذکورہ ادویات کا وزن ایک دن کا وزن ہے۔ اسی طرح روزانہ یہ نسخہ استعمال کرائیں۔ کم از کم چالیس دن میں تمام پیٹ کا پانی خشک ہو کر تلی سکڑ جائے گی۔ خون بننا شروع ہو جائے گا جسم پہ ورم بھربھراہٹ، پیلاہٹ اور غیر ضروری نرمی ختم ہو کر جسم بالکل تندرست اور تر و تازہ ہو جائے گا۔

## 42 دل کے امراض کا علاج:۔

پان کا تازہ پتہ ایک عدد، کلونجی 2 گرام، لہسن چھلا ہوا چار عدد، ادرک سبز 3 گرام۔ اس میں ادرک اور لہسن کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے باقی تمام اجزاء کو عرق گلاب ایک کپ میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر اس میں ایک کپ عرق گلاب اور ملا دیں۔ اگر ایک ہی وقت میں یہ تمام عرق پی سکیں تو بہت ہی مناسب ورنہ وقفے وقفے کے بعد یہ تمام پانی نہار منہ پی لیں۔ اور روزانہ یہ نسخہ نیا بنائیں۔ واضح رہے کہ برگ پان کے بھی چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ یہ نسخہ دل کی کمزوری اور ہر طرح کے قلبی امراض میں مفید تر ہے۔

## 43 جلدی امراض کا علاج:۔

کلونجی واقعی چہرے کے داغ، دھبے، کیل، مہاسے، چھائیاں اور ویرانی کے لئے ہمیشہ موثر رہی ہے۔ اور مفید سے بھی مفید تر ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



کلونجی پاؤڈر کی طرح بالکل باریک پسی ہوئی 60 گرام، گلیسرین خالص 100 گرام، عرق گلاب 100 گرام، لیموں کا عرق 100 گرام۔

ان تمام کو آپس میں ملا کر ایک لوشن سا بنا لیں اور محفوظ رکھیں۔ ہلکے ہاتھوں کے ساتھ صبح، شام چہرے پر ملیں۔ یا پھر صرف رات سوتے وقت ایک دفعہ استعمال کریں۔ مزید برآں کھانے کے لئے مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرنا اس کے فوائد کو بہت زیادہ بڑھا دیتا ہے۔

املی بڑی 100 گرام، کلونجی 100 گرام، پودینہ خشک 100 گرام تمام اجزاء کو آپس میں باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔ اور آدھا چمچ پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل دن میں تین چار بار ضرور استعمال کریں۔ اس سے تمام جلدی امراض ختم ہو جائیں گے۔

## 44 دائمی نزلہ زکام کا علاج:۔

کلونجی بالکل باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: اطریفل اسطوخودوس ایک چائے کا چمچ، ایک گرم پانی کے کپ میں گھول کر چوتھائی چمچ کلونجی کا سفوف کپ میں ڈال کر پی لیں۔ اسی طرح صبح، دوپہر، شام کھانے سے قبل مستقل استعمال کریں۔ مندرجہ ذیل مذکورہ نسخہ سفید بالوں کو کالا کرنے، کان بند ہونے بہرا ہونے، دانتوں کے درد مرض نسیان آواز بیٹھنے اور آنکھوں سے پانی نکلنے کے لئے مفید تر ہے۔

## 45 موٹاپے کا علاج:۔

لاکھ مدہ 50 گرام، زیرہ سیاہ اعلیٰ 50 گرام، کلونجی 50 گرام۔

تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔ اور بڑے سائز کے کیپسول بھر لیں۔ ایک یا دو کیپسول ایک وقت میں پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل دن میں دو بار استعمال کریں اس نسخہ کو استعمال کرنے کے ساتھ چکنائی والی چیزیں اور نشاستہ والی غذائیں استعمال نہ کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 46 معیادی بخار کا علاج:۔

اجوائن دیسی 15 گرام، کلونجی 3 گرام۔ رات کو ایک کپ تیز گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح سردائی کی طرح گھوٹ کر مریض کو پلا دیں۔ اگر موسم سرما ہو تو یہ پانی نیم گرم کرلیں۔ اور اگر موسم گرما ہو تو ویسے ہی پلا دیں۔ اس طرح کچھ دن استعمال کرنے سے مریض تندرست ہو جائے گا۔

## 47 جوڑوں کے درد کا علاج:۔

آک کی جڑ کا چھلکا خشک شدہ ایک پاؤ، کلونجی ایک پاؤ، اجوائن ایک پاؤ۔ ان تمام ادویات کو بالکل باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

ایک چمچ سے آدھا چمچ دن میں تین یا چار بار چائے، دودھ یا تازہ پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل مذکورہ نسخہ گینٹھیا، جوڑوں کے درد اور ہر قسم کے درد کے علاج کے لئے مفید ہے۔

## 48 چہرہ کی تروتازگی اور شادابی:۔

کلونجی 9 دانے صبح نہار منہ پانی سے نگل لیا کریں۔ یہ عمل مسلسل کیا جائے۔ انشاء اللہ چہرہ پُر رونق اور جاذب نظر ہو جائے گا۔

## 49 چہرے کا حُسن:۔

1۔ کلونجی 50 گرام پیس کر 500 گرام شہد میں ملا کر آمیزہ تیار کرلیں۔ صبح شام چہرے پر لیپ کر کے آدھ گھنٹہ بعد چہرہ صاف کرلیا جائے۔ چہرے کو صاف، خوش رنگ اور چمک دار اور جاذب نظر بناتا ہے۔

2۔ کلونجی ایک چمچہ، روغن تل ایک چمچہ، روغن کلونجی۔

روغن کلونجی کے علاوہ ہر چیز ملا لیں۔ بوقت شام روغن چہرے پر لگائیں۔ صبح پانی کے ساتھ صابن سے چہرہ دھولیں اور معجون میں چند قطرے روغن کلونجی ملا کر نوش

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



کریں۔ یہ کورس سات یوم کا ہے۔

3۔ سفوف کلونجی ایک کپ لیں۔ سفوف کلونجی اور شہد کو مکس کر لیں۔ حتیٰ کہ مرہم کی طرح ہو جائے تو چہرے پر اس کا لیپ کریں۔ یہ عمل دن میں کئی بار کرنا پڑے گا۔ پھر صابن سے دھوڈالیں۔ انشاءاللہ شفاء حاصل ہوگی۔

4۔ روغن کلونجی، کلونجی، شہد خالص، کلونجی کی چائے استعمال کرائیں مگر چینی کی جگہ خالص شہد استعمال کریں۔

5۔ روغن کلونجی مریض کے منہ کو روزانہ تین بار لگائیں اور کلونجی کی چائے روزانہ ایک بار پلائیں۔

## 50 چہرے کی خشکی:۔

روغن کلونجی ایک چمچہ، روغن بادام 10 چمچے، روغن زیتون 20 چمچے۔ تینوں کو ملا کر رکھ لیں۔ چہرے پر تیل مل لیا جائے پھر آدھے گھنٹے بعد دھو لیا جائے۔

## 51 چہرے کی خوبصورتی کے لئے:۔

1۔ رات کو سوتے وقت گیرو کو پانی میں حل کر کے چند قطرے روغن کلونجی کا اضافہ کریں اور چہرے پر لگائیں اور صبح نیم گرم پانی کے ساتھ دھو لیں۔

2۔ رات سونے سے پہلے گیرو کو پانی میں حل کر کے چند قطرے کلونجی کا تیل ملا کر چہرے پر مل لیں۔ صبح ہاتھ منہ دھونے سے بیشتر لیموں کے دو ٹکڑے کر لیں۔ دونوں ٹکڑوں پر کلونجی کا تیل مل دیں۔ ان سے چہرے کی مالش اس طرح کریں کہ رس تیل میں مل کر نکلتا رہے۔ پھر صابن اور نیم گرم پانی سے دھو لیں۔

## 52 چہرے کی صفائی:۔

1۔ زیتون کا تیل، سفوف کلونجی، عرق گلاب، شہد خالص، زیتون کے تیل کے علاوہ تمام چیزوں کی مرہم مثل کریم کے بنا لیں۔ یہ مرہم چہرے پر لگائیں۔ پندرہ منٹ کے بعد

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



دھولیں۔ چہرے کو خشک کرنے کے بعد زیتون کا تیل لگائیں۔

2۔ کلونجی 50 گرام، بیسن 50 گرام، جو کا آٹا 50 گرام۔

کلونجی کو پیس کر دونوں میں ملا کر رکھ لیں۔ پاؤڈر کی مانند باریک کریں۔ صبح شام اس میں سے تھوڑی سی مقدار لے کر تھوڑا سا پانی ملا کر لئی سی بنا کر چہرے پر ہلکے ہاتھوں سے مل لیا جائے۔ پانچ منٹ بعد چہرہ دھو لیا جائے۔

## 53 چہرے کے کیل اور مہاسے:۔

کلونجی 60 گرام، کلتھی دال 100 گرام۔ دونوں کو خوب اچھی طرح باریک پیس کر رکھ لیں۔

**طریقہ استعمال (1):** اس میں سے ایک یا دو چمچے لے کر سرکہ خالص حسب ضرورت لیپ سا تیار کر لیں۔

**طریقہ استعمال (2):** چہرے پر پتلا سا لیپ کر لیں اور خشک ہونے پر ہاتھوں سے چہرہ پر مساج کریں۔ چند بار کے عمل سے کیل مہاسوں سے جان چھوٹ جائے گی۔

نوٹ: اس دوران کوئی مصفی خون شربت بھی پیا جائے مثلاً صافی وغیرہ اور معدہ کی اصلاح کی جائے۔ ہاضمہ درست رکھا جائے، قبض نہ ہونے دی جائے اور دن بھر پندرہ بیس گلاس پانی پیئے جائیں۔

## 54 حب الشباب:۔

کلونجی ایک کپ، پوست انار آدھا کپ، سرکہ سیب ایک کپ، کلونجی کا تیل۔

**طریقہ:** کلونجی اور پوست انار کو پیس کر ملا لیں پھر سرکہ میں ملائیں۔ یہ معجون اور کلونجی کا تیل برابر وزن لے کر گولیاں تیار کریں پھر اس سے بوقت ضرورت طلاء کریں۔ جب عضو مخصوص پر چھالے نکل آئے تو ٹھہر جائیں۔ جب وہ چھالے ختم ہو جائیں اگر ضرورت محسوس ہو تو دوبارہ چھالے نکلنے پر روغن زیتون لگائیں یا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



دیسی گھی میں پیاز جلا کر لگائیں یا انڈوں کا تیل لگائیں۔

## 55 نزلہ کی وجہ سے لاحق کھانسی کا علاج:۔

کلونجی 50 گرام، رب السوس 25 گرام، گوند کیکر 25 گرام، شکر تیغال 25 گرام، تخم کتاں 25 گرام۔ تمام اشیاء کوٹ کر چھان کر پانی کی مدد سے کابلی چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک: ہر تین گھنٹے بعد دو دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

## 56 قبض کا علاج:۔

قبض چاہے دائمی ہو یا وقتی، پرانی ہو یا نئی، حاملہ کی ہو یا غیر حاملہ عورت کی ان تمام حالات میں مندرجہ ذیل نسخہ شفا اکسیر ہے۔

سنا مکی 60 گرام، کلونجی 100 گرام، پنیر 100 گرام تمام ادویات کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔ ادرک پانی ایک پاؤ میں سب کو بھگو دیں۔ اور محفوظ رکھیں۔ جب تمام پانی خشک ہو جائے تو کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔ ایک چمچ صبح شام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

یہ دائمی قبض کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔ ایسے حضرات جن کا وضو قائم نہ رہتا ہو۔ گیس اور بادی نے تنگ کر رکھا ہو۔ ان کے لیے اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

## 57 سانس کی تکلیف کا علاج:۔

سانس کی تکلیف اس وقت ہوتی ہے۔ جب پھیپھڑے یا پھیپھڑوں کی جھلی متورم ہو جائے۔ یا سانس کی نالی میں بلغم جما ہوا ہو۔ یا پھر دل کی دھڑکن کی زیادتی کی وجہ سے سانس کی تکلیف ہوتی ہے۔ اگر سانس کی تکلیف پھیپھڑوں اور پھیپھڑوں کی جھلی کے ورم، نمونیہ یا بلغم کی زیادتی کی وجہ سے ہو تو ایسی حالت میں مندرجہ ذیل نسخہ بہت مفید رہے گا۔

کلونجی 2 گرام، برگ بانسہ 3 گرام۔ چائے کی پتی کی طرح ابال کر دن میں چار بار قہوہ پلائیں۔ اور میٹھے کی جگہ شہد ملا لیں۔ اس نسخہ سے نمونیا کے مابعد اثرات سے محفوظ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



رہا جا سکتا ہے۔اس کے علاوہ بچوں میں نمونیا کی تکلیف، پسلی کا چلنا، سانس کا اکھڑنا، بلغم کی وجہ سے سینے کا جکڑے رہنا وغیرہ میں بھی مندرجہ بالا نسخہ اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔اگر ان بچوں کو یہ نسخہ استعمال کرایا جائے تو بہت ہی جلد افاقہ ہوتا ہے۔

## 58 دق اور سینہ کی بیماریوں کا علاج:۔

کلونجی ایک کلو، برگ بانسہ 3 کلو۔ دونوں کو ہلکا کوٹ کر بیس کلو پانی میں پکائیں۔ جب تقریباً 15 کلو پانی باقی بچے تو اتار کر رکھ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر خوب ملیں۔اور پھر آگ پر رکھیں۔ بالکل ہلکی آنچ پر پانچ کلو پانی پھر کم کریں۔ اتار کر ٹھنڈا کریں۔اور پھر ملیں۔اور پھر ہلکی آنچ پر رکھیں۔اور کم از کم تین چار کلو پانی پھر خشک کریں۔اور پھر اتار کر ٹھنڈا کر کے مکمل چھان کر جو پانی بچے اسے محفوظ رکھیں۔اور اس میں پانچ کلو چینی ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔اور بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

اوپر مذکورہ نسخہ بلغم، ریشہ، کھانسی، دم کشی، بے چینی اور بے قراری میں بہت مفید ہے۔اس کو تین چمچ شربت کلونجی گرم پانی کے کپ میں گھول کر دن میں تین چار بار استعمال کرنا چاہیے۔جس سے اندر رکی ہوئی بلغم خارج ہو جاتی ہے۔

## 59 الرجی کا علاج:۔

اس دور کی مصنوعی اور جدید ٹیکنالوجی کی زندگی میں الرجی جیسی بھیانک اور خوفناک مرض کو بہت رواج ملا ہے۔

سائنس دان اور ڈاکٹرز اس علاج کے لیے مسلسل جدید جڑی بوٹیوں پر اور کیمیکلز پر ریسرچ کر رہے ہیں۔ کیونکہ الرجی کی بنیادی وجہ غیر فطری اور مصنوعی زندگی ہے۔ مکانات اور دفاتر میں کھلی اور تازہ ہوا کو معدوم کر دیا ہے۔شہروں میں چلتی پھرتی گاڑیاں اور فضاؤں میں اڑتے جہازوں نے آب و ہوا اور ماحول کو آلودہ کر دیا ہے۔اس کا اصل علاج تو یہی ہے کہ ہم فطری زندگی کی طرف دوبارہ لوٹیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



پہلا نسخہ: پودینہ خشک 100 گرام، کلونجی 20 گرام، سرپھوکا 50 گرام، ناگسیر 100 گرام۔ تمام اشیاء کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔ آدھا چمچ دن میں تین یا چار بار پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل استعمال کریں۔

ایسے مریض جو پرانی الرجی، خارش، خشکی، بادی اور تیزابیت کے مریض ہوں ان کے لئے ایک لاجواب نسخہ ہے۔ اگر اس دوا کو مزید موثر بنانا چاہتے ہیں تو شربت عناب چار چمچ ایک کپ گرم پانی میں گھول کر آدھا چمچ اس دوا کا منہ میں ڈال کر اوپر وہی کپ پی لیں اس طرح دن میں تین یا چار بار استعمال کریں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ حاصل ہوگا۔

دوسرا نسخہ: گرم پانی کے ایک کپ میں شربت عناب 2 چمچ اور شربت کلونجی 2 چمچ دن میں تین یا چار بار چائے کی طرح استعمال کریں۔ تجربات سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ یہ مشروب معدے اور الرجی کے امراض کے لیے الرجی کی تمام اقسام کے لیے از حد مفید ہے۔ ایسے مریض جو کسی مخصوص رنگ یا موسمی حالات سے متاثر ہو کر الرجی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اور بعض اوقات اس کے تجربات میں یہ بات بھی ثابت ہوئی ہے کہ یہ نسخہ یعنی شربت عناب اور شربت کلونجی جلدی امراض کے لیے بہت مفید ہے۔

## 60 زخموں کا علاج:۔

ایسے زخم جن پر خارش کی صورت سے دانے نکل آتے ہوں۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

انڈے کی سفیدی، گلیسرین، شہد اور کافور ہم وزن آپس میں بالکل باریک رگڑ کر مرہم بنا لیں اتنا رگڑیں کہ مرہم سی تیار ہو جائے۔ صبح و شام یہ ہلکی پھلکی مرہم لگائیں۔

یہ مرہم اس کے علاوہ دیگر زخموں کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔

## 61 کانوں کے امراض کا علاج:۔

اطریفل اسطوخودوس ایک چمچ چھوٹا چائے والا کلونجی کے قہوہ میں گھول کر نیم گرم پی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



لیں۔ اس طرح دن میں تین بار کھانے سے قبل، کم از کم ایک یا دو ماہ ضرور استعمال کریں۔

کان بہنے کے مرض میں مبتلا مریض کو تلوں کے تیل میں کلونجی جلا کر تیل کانوں میں ڈالنے سے مریض آہستہ آہستہ تندرست ہو جاتا ہے۔

اگر کسی مریض کو کان کا درد ہو تو اس کے لیے مذکورہ نسخہ بہت مفید ہے لیکن اس کے ساتھ کان میں ڈالنے کے لیے روغن کلونجی یا تلوں کے تیل میں کلونجی جلا کر اس کو نیم گرم کانوں میں ڈالیں۔

## 62 رعشہ کا علاج:۔

اس مرض کی اصل وجہ ذہنی صدمہ، بلغمی خلط کی زیادتی، مسائل کا ہجوم پریشانیاں، ایام غم کی زیادتی، جماع کی کثرت، کوئی حادثہ یا چوٹ اور بعض اوقات کسی زہریلے جانور کے ڈسنے کی وجہ سے بھی یہ مرض شروع ہو جاتا ہے۔ اس مرض میں اگر کلونجی کی مندرجہ ذیل ترکیب کو استعمال کیا جائے تو بے شمار فوائد سامنے آتے ہیں۔

معجون فلاسفہ ایک تولہ، کلونجی باریک پیسی ہوئی ایک ماشہ، دونوں کو تازہ پانی یا نیم گرم پانی کے ہمراہ صبح اور اسی طرح شام کو یعنی دن میں دو مرتبہ لیں۔ مزید دو پہر کو کلونجی کا سفوف ہاتھوں پر ملا جائے۔ یعنی بالکل خشک سفوف کو دو ہتھیلیوں میں لے کر بہت اچھی طرح ملیں اور یہ عمل کم از کم ایک گھنٹہ مستقل کرتے رہیں۔ روزانہ یہ عمل کم از کم ایک سے تین گھنٹے تک دہرایا جائے۔ اس عمل سے بہت حد تک مریض روبصحت ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات ایسے مریضوں کو کلونجی کی چائے بھی استعمال کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

## 63 دماغ اور اعصاب کی صفائی:۔

عام طور پر موسم سرما میں نزلہ و زکام لاحق ہو جاتا ہے اور موسم گرما میں ٹھنڈا پانی بکثرت پینے سے بھی نزلہ آ دبوچتا ہے۔ ایسی صورت حال میں مندرجہ ذیل نسخہ کارفرما ثابت ہوتا ہے۔ کلونجی 50 گرام، اسطوخودوس 100 گرام، ملٹھی 100 گرام۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



تینوں کو گرائنڈر میں پیس لیں اور محفوظ کر لیں۔ تین تین گرام صبح دوپہر رات نیم گرم پانی کے ساتھ مسلسل استعمال کیا جائے۔

## 64 دماغی کمزوری:۔

1۔ صبح نہار منہ ڈھائی تولے مکھن یا پانچ تولہ بالائی میں چینی اور کلونجی کا تیل پانچ قطرے ملا کر پئیں۔

2۔ صبح آدھ چھٹانک مکھن یا ایک چھٹانک ملائی میں شکر اور 12 قطرے کلونجی کا تیل ملا کر کھالیں۔

## 65 دمہ کا موذی مرض:۔

یہ مرض حد درجہ موذی ہے۔ مریض کی زندگی مشکل میں پڑ جاتی ہے۔ نہ وہ آرام کر سکتا ہے اور سانس کی تنگی کی وجہ سے بعض اوقات راہِ عدم بھی ہو جاتا ہے۔ اس موذی مرض کے دفاع کے لیے ایک مختصر نسخہ درج کیا جاتا ہے۔ استعمال کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

1۔ روغن کلونجی تھوڑا سا لے کر نمک اور دیسی گھی ملا کر مریض کی چھاتی اور گلے کی مالش کریں۔ دو تولہ شہد میں چند قطرے روغن کلونجی ملا کر چٹائیں۔ فائدہ اٹھائیں اور دعا کریں۔

2۔ ایک چمچ شہد خالص میں چودہ قطرے کلونجی کا تیل شامل کر کے پلائیں اور ایک چھوٹا چمچ کلونجی کا تیل دو گلاس گرم پانی میں ڈال کر بھاپ لیں۔ انشاء اللہ سکون حاصل ہوگا۔

3۔ جب دمہ کا دورہ پڑے تو تین چٹکی نمک، دو تولہ نیم گرم گائے کے خالص گھی میں ملا کر چھاتی اور گولے کی مالش کریں۔ ساتھ 12 قطرے کلونجی کا تیل، دو تولہ شہد خالص کے ساتھ ملا کر پلا دیں۔

4۔ (الف) نمک (ب) کلونجی کا تیل

(ج) خالص دیسی گھی نیم گرم میں ملا کر چھاتی اور گلے کی مالش کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



(د) چودہ قطرے کلونجی کا تیل لے کر دو تولہ شہد خالص میں ملا کر پلا دیں۔ فوراً اثرات ملاحظہ کریں۔

5۔ دمہ کی کئی اقسام ہوتی ہیں۔ دمہ بلغمی ہوتا ہے اور قلبی بھی۔ یہاں بلغمی دمہ کا علاج تحریر کیا جاتا ہے۔

کلونجی 5 گرام، تخم السی 5 گرام، ابریشم مقرض 4 گرام، مویز منقیٰ 9 دانے۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو آدھا پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ دو تین گھنٹے بعد ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو اتار کر چھان کر شہد دو چمچے ملا کر نیم گرم مریض کو پلا دیں۔ اسی طرح دن میں دو تین بار پلائیں۔

## 66 ذہنی کوفت اور مجاوت کیلئے:۔

سفوف پودینہ ایک کپ، خشک روٹی کا آٹا ایک چمچہ بڑا، سفوف کلونجی ایک کپ، زنجبیل ایک بڑا چمچ، دودھ تازہ، شہد خالص دونوں حسب ضرورت۔

تمام ادویہ کو شیشے کے مرتبان میں مکس کر لیں۔

ایک کپ حلتیب کو شہد سے میٹھا کر لیں اور اس کے ساتھ باقی دوا کا ایک چمچہ نہار منہ روزانہ کھلائیں۔

## 67 ذیابیطس (شوگر):۔

کلونجی ایک لاجواب دوا ہے جو امراض معدہ و دل، شوگر، اعصابی امراض میں مفید چیز ہے جو لوگ اسے استعمال میں لاتے ہیں وہی اس کے بے شمار فوائد سے مطلع ہیں۔ برٹش ریسرچ لیبارٹری والوں کی رپورٹ کے مطابق شوگر کے مریضوں کا کلونجی سے کامیاب ترین علاج کیا جس کا رزلٹ حیرت انگیز حد تک کامیاب نظر آیا۔ طریقہ یہ ہے کہ صبح دوپہر شام کھانے سے قبل ایک چمچ چائے والا استعمال کرنے سے شوگر کنٹرول ہوتے ہوتے ختم ہو جائے گی۔ دیگر امراض بھی اپنی مرضی کے ساتھ ساتھ ختم ہو کر شفا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



کلی نصیب ہوگی۔

اطباء نے بھرپور توجہ کلونجی کے استعمال پر دی اور اسے مختلف طریقوں سے متعدد بیماریوں کے علاج میں استعمال کیا۔ کلونجی سے مرکب دوائیں تیار کیں جیسے حلتیب، جوارش شونیز اور معجون کلعلاج تیار کی گئی ہیں۔ نیز بعض اوقات مشاہدات میں یہ چیز سامنے آتی ہے کہ کلونجی کے استعمال سے لبلبہ (پنکریاز) کے افرازات سے ایک خاص رطوبت کا اخراج بڑھ جاتا ہے۔ اسی طرح ذیابیطس کے مریض پر قابو پانے میں مدد ملتی ہے۔ شوگر کے مریض اگر صبح نہار منہ ایک چٹکی کلونجی کی نگل لیا کرے تو مفید ثابت ہوگی۔ یا پھر حب الیان حلتیب خالص، مرکی تین تین گرام لے کر ڈیڑھ پیالی پانی میں جوش دے کر چھان کر صبح نہار منہ اور رات کو سونے سے قبل استعمال کریں تو یقیناً کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔

نبی کریم ﷺ کی بتائی ہوئی ادویات پر اب پاکستانی ڈاکٹرز تجربات کر رہے ہیں۔ جیسا کہ خالد غزنوی نے تخم کاسنی ایک چمچ اور کلونجی تین چمچ استعمال کرانا شروع کیں تو ایک ہفتہ میں شوگر کے مریضوں کو شکر آنا بند ہوگئی اور ان کے خون سے گلوکوز کی مقدار میں کمی واقع ہونے لگی۔ اس تجربہ میں تقریباً دو مریض کامیاب ہوئے مگر تحقیق مزید جاری ہے۔

**علاج شوگر:** 1۔ کلونجی 13 گرام، حب الرشاد سوا گرام، مرۃ آدھا سوا گرام، چھلکا اناار آدھا سوا گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویہ کو خوب باریک کریں اور اچھی طرح ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح نہار منہ نصف چمچ اور رات کو سونے سے قبل نصف چمچ۔

یہ کورس ایک ماہ کا ہے۔

2۔ سفوف کلونجی ایک کپ، مرۃ ایک چمچ، حب الرشاد نصف کپ، سفوف قشر انار ایک کپ، حلتیب ایک چھوٹا چمچ، دودھ ایک تولہ۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو مکس کر کے دودھ میں شامل کر لیں۔

استعمال: ایک چمچ نہار منہ روزانہ استعمال کریں۔

تخم کلونجی ایک تولہ، تخم میتھی نصف تولہ، تخم کاسنی نصف تولہ کو پیس کر سفوف بنا لیں۔ پھر تین تین ماشہ کی مقدار صبح و شام چھ قطرے روغن کلونجی شامل کر کے کھائیں۔ یہ نسخہ ایک ہفتہ کے استعمال سے شگر آنا بند کر دیتا ہے۔ اور ایک دو ماہ کے مسلسل استعمال سے مکمل شفاء حاصل ہو جاتی ہے۔

3۔ ایک کپ کلونجی، ایک کپ رائی، آدھا کپ انار کا چھلکا اور آدھا کپ پت (پاپڑی) یا شاہترہ ملا کر باریک پیس لیں۔ ایک ماہ تک روزانہ آدھا چمچ اس آمیزے کا ایک چمچ کلونجی آئل کے ساتھ نہار منہ لیں۔ ذیابیطس کنٹرول رہے گی۔

4۔ کلونجی کا دانہ ایک تولہ، کاسنی اور میتھی کا دانہ آدھا آدھا تولہ ملا کر پیس کر رکھ لیں۔ تین تین ماشہ صبح و شام چار قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ کھائیں اور سات دن میں ایک بار پانچ تولہ سبز کریلے کا پانی پانچ قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ ملا کر پئیں۔

## 68 ران اور جانگھ کی سوزش:۔

متاثرہ مقام یا حصہ کو اچھی طرح صابن اور پانی سے دھو کر خشک کر لیں، پھر کلونجی آئل ملا کر اگلی صبح تک کے لئے چھوڑ دیں۔ تین دن تک دہرائیں۔ آپ پہلے ہی دن سے انشاءاللہ فرق محسوس کریں گے۔

## 69 روغن شفاء:۔

میتھی 100 گرام، کلونجی 100 گرام، روغن کنجد ایک کلو۔

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ کو جو کوب کر کے روغن کنجد میں پکائیں۔ جب جلنے کے قریب ہو تو آگ سے اتار لیں اور صاف ستھرے کپڑے میں سے چھان کر سنبھال رکھیں

ترکیب استعمال: قوت باہ کے لئے بطور طلاء، امراض رحم کے لئے بطور فرزجہ اور ...

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



وغیرہ کی خاطر نیم گرم مالش کریں۔ ثقل سماعت کی خاطر کان میں ڈالیں۔

**فوائد:** فالج، لقوہ، وجع المفاصل، عرق النساء اور اکثر بلغمی اور سرد امراض کے لئے نہایت مفید ترین چیز ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے، رحم کے اورام میں صلابٹ کو دور کرتا ہے نیز ثقل سماعت کرتا ہے۔

## 70 ریاح و گیس:۔

1۔ کلونجی کا تیل دس قطرے، اجوائن دیسی 60 گرام کو 100 گرام لیموں کے پانی میں تر کر کے خشک کرلیں پھر دس گرام نمک سیاہ پیس کر ملائیں۔ صبح و شام تین چٹکی استعمال کریں۔

2۔ دیسی اجوائن 10 گرام، کلونجی کا تیل 10 قطرے۔ دونوں لیموں کے رس میں ڈبو کر دھوپ میں خشک کریں پھر اس میں 10 گرام کالا نمک پیس کر رکھ دیں۔ چٹکی بھر صبح شام کھائیں۔

## 71 ریح شکن (گیس کلر):۔

مرطوب مزاج افراد کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ کلونجی 30 گرام، اجوائن دیسی نانخواہ 30 گرام، پودینہ خشک 50 گرام، زنجبیل 50 گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویہ کو گرائنڈ کر کے محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ہر کھانے کے بعد یا بوقت ضرورت تین گرام نیم گرم پانی سے یا عرق پودینہ ایک کپ کے ہمراہ۔

## 72 زچگی اور امراضِ نسواں:۔

ایک چمچہ کلونجی آئل تخم بادیان کے ساتھ ابال کر شہد سے میٹھا کر کے دن میں پانچ بار 40 دن تک پئیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## (73) پیچش سدے والی:۔

زحیر کاذب میں سدوں کے اخراج کے لئے روغن زیتون درج ذیل ترکیب سے استعمال کیا جائے۔ روغن کلونجی کا چائے والا چوتھائی چمچہ، روغن بید انجیر دو اونس، ثابت اسبغول دو تولہ، تینوں کو ملا کر ایک پاؤ دودھ نیم گرم ملا کر رات کو پلا دیں۔

**احتیاط:** چونکہ کلونجی کا مزاج گرم وخشک ہے اور حاملہ خواتین کو کلونجی اور روغن کلونجی کا استعمال نہ کرایا جائے تو اچھا ہے۔ اگر کلونجی کا کسی خاص مقصد کے لئے حاملہ کو استعمال کرانا مقصود ہو تو پھر طبیب کے مشورے سے استعمال کیا جائے اور وہ بھی قلیل ترین مقدار میں۔

## (74) سردی کا علاج:۔

زحیرہ اور کلونجی، حب الرشاد عصارہ پیاز، چینی کو مکس کر کے نہار منہ کھائیں۔ شفا ہوگی۔

## (75) سرطان "کینسر" کے مریضوں کیلئے:۔

کینسر زدہ مریض اپنی خوراک میں مندرجہ ذیل اشیاء کا استعمال کرتے رہیں، انشاء اللہ وہ سکون میں رہیں گے اور کینسر کو کسی حد تک فائدہ رہے گا۔ جدید تحقیقات کی روشنی میں ذیل کی اشیاء سرطانی مریضوں کو فائدہ کرتی ہیں۔

1۔ ہلدی، کلونجی، دیسی اجوائن، ٹماٹر، مٹر، کالی مرچ، چونے کا پانی (لائم واٹر)، ملٹھی، مرجان۔

**طریقہ استعمال:** سالن میں ہی یہ چیزیں حسب ضرورت شامل کر لی جائیں۔ جب کہ کلونجی صبح نہار منہ چند دانے کھالئے جائیں۔

2۔ روغن کلونجی، سفوف کلونجی، گاجر کا جوس۔ ان تین ادویہ کو لے کر گاجر کے جوس کے ساتھ سفوف کلونجی کو مکس کریں۔

**ترکیب استعمال:** روغن شونیز متاثرہ جگہ پر لگائیں اور سفوف کلونجی سفوف شدہ ایک کپ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



پانی کے ساتھ دیں اور شافی مطلق سے امید شفا رکھیں۔

3۔ پیاز، لہسن، گاجر کا جوس، سفوف کلونجی۔

ترکیب تیاری: گاجر کے جوس کے علاوہ تمام ادویہ کو مکس کریں۔

استعمال: ایک چمچ چائے والا صبح وشام گاجر کے جوس کے ہمراہ لیں۔

## 76 سرطان جگر:۔

1۔ کلونجی، شہد سیاہ۔ دونوں ہم وزن لے کر ملا لیں۔ روزانہ صبح کے وقت ایک چمچ چائے والا استعمال کریں۔

2۔ کلونجی، آب زمزم۔ کلونجی کو خوب باریک پیس لیں۔ صبح وشام چھوٹا چمچ چائے آب زمزم سے تناول کریں۔

3۔ بابونج، پودینہ صحترِ، کلونجی تمام برابر وزن کی مقدار میں لے لیں۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے ملا لیں۔ تکلیف کے وقت ایک کپ نیم گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

## 77 سرطان جلد:۔

سفوف کلونجی، زمزم، شہد خالص مصفّٰی تمام اجزاء کو ملا کر لیپ تیار کریں اور تکلیف والے عضو پر لگائیں۔

## 78 سر کا گنجا پن:۔

آج کل گنجا پن بکثرت وقوع پذیر ہے۔ کلونجی کا گنجے پن میں استعمال بھی مفید و موثر ہے۔ اس کے لئے درج ذیل طریقہ مفید ثابت ہو رہا ہے۔ روغن کلونجی ایک حصہ، روغن زیتون چار حصے، روغن بیضہ مرغ چار حصے۔ تینوں کو ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: سر کو دھو کر خشک کر کے لگائیں۔

## 79 سر کے امراض:۔

1۔ کلونجی سوا کپ، انیسون سوا کپ، قرنفل سوا کپ، کلونجی اور انیسون اور قرنفل کو باریک

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



پیس لیں اور سفوف تیار کرلیں۔ دن میں دوبار پانی کے ساتھ سفوف ایک چمچ دیں۔

2۔ کلونجی اور انیسون اور قرنفل سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کرلیں۔ سب کو تیل میں ملاکر درد والی جگہ پر لگائیں۔

3۔ کلونجی، زیتون کا تیل، دونوں کو مکس کر کے کتان کے کپڑے میں باندھ کر نچوڑ لیں۔ ناک میں تیل کے قطرے ڈالیں اور کلونجی سونگھائیں۔ بہت جلد شفا نصیب ہوگی۔

4۔ کلونجی، زیتون کا تیل۔ کلونجی کو پیس کر زیتون کے تیل میں گوندھ لیں۔ اس سے سر پر پتلا لیپ کریں۔

5۔ درد کے وقت کلونجی کا تیل سر اور کنپٹیوں پر ملیں۔ 10 قطرے کلونجی کا تیل شہد خالص میں ملاکر پئیں۔ ساتھ تازہ پیاز کوٹ کر تلووں پر لیپ کریں۔

6۔ ماتھے اور چہرے کے دونوں طرف کانوں کے پاس کلونجی آئل ملیں اور ایک چمچہ کلونجی آئل دن میں تین بار دو دن تک خصوصاً ناشتے سے قبل لینے سے سر درد مکمل طور پر غائب ہو جائے گا۔

## (80) سستی کا علاج:۔

روغن کلونجی، مالٹا۔ مالٹا کے رس کو نچوڑ لیں۔ ایک کپ مالٹا کا رس، اس پر دس قطرے روغن کلونجی ڈال کر نوش فرمائیں۔

## (81) سفید بالوں کیلئے:۔

1۔ نیم، اندرائن، کلونجی۔ تینوں ادویہ کے تخم لے کر تیل نکالیں اور روزانہ ہم وزن تیل بالوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ سفیدی ختم ہو جائے گی اور بال پھر سے سیاہ ہو جائیں گے۔

2۔ مہندی کے پتے 100 گرام، وسمہ (نیل کے پتے) 50 گرام پیس لیں اور ملا کر رات بھر پڑا رہنے دیں۔ اگلے دن اس میں اتنا سرکہ ملالیں کہ لئی سی بن جائے۔ یہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



مرکب تین گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ اس کے بعد کلونجی کا تیل ملا کر سر پر لگا لیں۔ جب یہ سر پر لگا ہوا سوکھ جائے تو بال دھو لیں۔

3۔ نیم، کلونجی اور ناریل تینوں کا ہم وزن تیل روزانہ بالوں پر لگائیں۔

## (82) ضعف جگر:۔

1۔ اجوائن دیسی ایک تولہ کو پانی میں بھگو دیں۔ دن کے وقت سائے میں رکھیں اور رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح روغن کلونجی کے 10 قطرے شامل کریں اور مریض کو پلائیں۔ بہت جلد مرض دفع ہو گا۔ اور اگر اس کے ساتھ ریوند خطائی ایک تولہ، نوشادر ایک تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ کا سفوف کھانے کے بعد دو ماشہ کی مقدار میں استعمال بھی شروع کر دیں تو چار پانچ یوم میں افاقہ ہو گا اور مریض کے چہرے پر سرخی نظر آئے گی۔

2۔ یہ ایک ایسا مرض ہے کہ بدن پیلا یا سیاہ پڑ جاتا ہے جسم میں سستی، طبیعت میں اکتاہٹ ہوتی ہے۔ اس کا علاج اس طرح ہے کہ کلونجی اور تخم کاسنی دونوں ہم وزن پیس کر سفوف تیار کریں۔ تین گرام دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

(1) ہائی بلڈ پریشر اور خون کی کمی والے حضرات کے لئے بھی مفید ہے۔

(2) جن کو پیشاب جل کر آتا ہو ان کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

(3) ایسے مریض کے لئے بھی مفید ہے جس کو پیشاب رک کر آتا ہو۔

(4) جگر کی کمزوری، بھوک کی کمی کے لئے بھی لاجواب چیز ہے۔

(5) ضعف جگر کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کی جلن کے لئے بھی اچھی چیز ہے۔

3۔ اجوائن دیسی ایک تولہ صبح کو مٹی کے چھوٹے پیالے میں پانی میں بھگو کر دن کے وقت سائے میں اور رات کے وقت شب میں رکھیں۔ اگلے دن پانی چھان کر چھ قطرے کلونجی کا تیل ملا کر پی لیں۔

Arshman Software

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 83 ضعف قلب:۔

1۔ روغن کلونجی پانچ قطرے، عرق لہسن چار قطرے تھوڑی مقدار میں مصرف شامل کر کے پانی میں ملا کر پلائیں۔

پرہیز: خناق کے مریض یا حاملہ عورتیں معالج کے مشورے کے بغیر استعمال نہ کریں ورنہ حمل کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہے۔

2۔ کلونجی تین گرام، ابریشم مصفی پانچ گرام، تخم السی پانچ گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ کو ایک پاؤ پانی میں پانچ منٹ تک جوش دے کر اور چھان کر پی لیں۔ زیادہ ضعف کی صورت میں دن میں ہر چار گھنٹہ ورنہ عام طور پر صبح شام کافی ہے

3۔ مغز تربوز چھ ماشہ یا تازہ گاجروں کا پانی پانچ تولہ دونوں میں سے کوئی ایک چار قطرے کلونجی کا تیل، تھوڑی سی مصری اور پانی میں ملا کر دن میں دو تین بار پیئیں۔

## 84 ضعف تناسلی:۔

دیسی انڈے کی سفیدی، کلونجی ایک چمچ۔ کلونجی کو سفیدی بیضہ میں ملا کر اچھی طرح حل کر کے روزانہ صبح کھلائیں۔ ایک ماہ کا کورس ہے۔

## 85 ضعف ہضم:۔

کلونجی 50 گرام، نمک سیاہ 25 گرام، سونف 50 گرام، انار دانہ 50 گرام، برگ پودینہ 50 گرام۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: کھانے کے بعد تین تین گرام کھا لیا جائے۔

## 86 طلاء مقوی:۔

درج ذیل نسخہ بہترین طلاء کا کام کرتا ہے۔

روغن کلونجی ایک حصہ، روغن زیتون 9 حصے، مچھلی کا تیل 7 حصے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں :



ترکیب استعمال: تینوں کو ملا کر رکھ لیں اور روزانہ رات کو عضو مخصوص پر طلاء کریں۔ کمزوری اور سستی کو دور کرتا ہے۔ عضو میں تازگی اور قوت پیدا کرتا ہے۔

## 87 عام کمزوری:۔

سفوف کلونجی ایک کپ، میتھی کا سفوف ایک کپ محلول عنبر چھوٹا چمچ، شہد خالص کے ساتھ تمام اجزاء کو ملا کر مربہ بنائیں اور روزانہ روٹی کے ساتھ کھائیں۔

## 88 عورتوں کے امراض:۔

1۔ بعض عورتیں دودھ کی کمی کی شکایت کرتی ہیں جس کی وجہ سے ان کا شیر خوار بچہ بھوکا رہ جاتا ہے۔ ایسی عورتوں کو چاہئے کہ کلونجی کے سات دانے صبح نہار منہ اور رات کو سونے کے وقت دودھ سے استعمال کریں۔

2۔ بعض عورتیں ایام کی کمی یا تکلیف کی مریض ہوتی ہیں۔ اسی طرح پیشاب میں رکاوٹ ہو تب بھی تین گرام کلونجی کا سفوف بنا کر کھلانا مفید ثابت ہوتا ہے۔ حاملہ خواتین کلونجی کے استعمال سے پرہیز کریں۔ اس لئے کہ اس سے اسقاط حمل کا خطرہ رہتا ہے۔

3۔ مثانہ کی پتھری کی صورت میں کلونجی کو پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شہد ملا کر استعمال کرائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

دماغی اور اعصابی کمزوری، رعشہ، فالج، لقوہ اور یادداشت کی کمزوری کی صورتوں میں کلونجی تین انگلیوں کی چٹکی صبح نہار منہ کھا لینی چاہیے شہد کے ساتھ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ چند ماہ کی پابندی سے بہتر فوائد ظہور پذیر ہوں گے۔

4۔ اگر روغن زیتون کے ساتھ استعمال کیا جائے تو چہرہ بھی پُر رونق ہو جاتا ہے۔

5۔ بانجھ پن کے خاتمہ [illegible] لئے بھی دیسی اجوائن اور کلونجی ملا کر صبح نہار منہ وضع تک کھانے سے حمل بھی ٹھہر جاتا ہے [illegible] ل تک بچہ محفوظ بھی رہتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 89 عورتوں کے دودھ کی کمی دور کرنے کیلئے:۔

کلونجی کو شربت کے ساتھ چند یوم کھائیں۔ بفضل تعالیٰ دودھ کثرت سے اترنا شروع ہو جائے گا۔ نیز کلونجی کو پیس کر پستانوں پر لیپ کریں۔

## 90 عینک توڑ اکسیر:۔

نظر کی کمزوری دور، نظر، بصارت کو تیز کرتا ہے۔ کلونجی 50 گرام، گل منڈی 50 گرام، سونف 50 گرام۔ مغز بادام چھلے ہوئے 100 گرام۔ کوٹ پیس کر تین گنا شہد میں ملا کر رکھ لیں۔

**مقدار خوراک:** صبح اور رات کو چھ چھ گرام پانی کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

## 91 فالج کا علاج:۔

جب کلونجی کے تیل کا سعوط کرایا جائے تو فالج کے اثرات ختم کرتا ہے۔

## 92 فشارِ خون:۔

جب بھی کوئی گرم مشروب پئیں اس میں ایک چمچہ کلونجی آئل ملا لیں اور روزانہ نہار منہ دو خوشے لہسن بھی کھائیں۔ ہر تیسرے دن اپنے بدن پر کلونجی آئل ملیں اور آدھا گھنٹہ دھوپ سینکیں۔ یہ عمل ایک ماہ تک دہرائیں۔

## 93 فم معدہ کی درد:۔

ہاضمہ کی اصلاح کرتا ہے۔ معدہ اور فم معدہ (معدہ کا منہ) کی درد کو دور کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔

کلونجی 50 گرام، پوست سنگدانہ مرغ 50 گرام،، پودینہ خشک 50 گرام، سونٹھ 30 گرام، فلفل دراز 50 گرام، ست پودینہ 100 گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویہ کو گرائنڈ کر کے رکھ لیں اور ست پودینہ آخر میں ملا دیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



**طریقہ استعمال:** ہر کھانے کے بعد دو دو گرام کھلایا جائے۔ بوقت ضرورت تین گرام تک نیم گرم پانی سے کھلایا جائے۔

## (94) قبض کا علاج:۔

1۔ شکر سرخ دو تولہ، سنا مکی مصفی چار گرام۔ دونوں رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ساتھ 12 قطرے روغن کلونجی شامل کر کے پلا دیں۔ انشاءاللہ قبض کا نام ونشان نہ رہے گا۔

2۔ سنا مکی مصفی 60 گرام، کلونجی 100 گرام، پنیر ڈوڈی 100 گرام۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔ پھر ادرک کا رس ایک پاؤ میں بھگو دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو سفوف بنا لیں۔ صبح شام ایک چمچ سفوف تازہ پانی سے استعمال کریں۔

**فوائد:** یہ دوا دائمی قبض، گیس، ریاح وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

## (95) قوت باہ کیلئے اکسیر:۔

کلونجی کو باریک پیس کر زیتون کے تیل اور لوبان شامل کر کے استعمال میں لائیں۔ قوتِ باہ کو بیدار کرنے کے لئے ناامیدی کے بعد اکسیر چیز ہے۔

## (96) قوت حافظہ:۔

1۔ نسیان دور کرنے کی خاطر کلونجی کے سات عدد دانے لے کر پیس لیں۔ ایک چمچہ شہد، کلونجی کا تیل تین قطرے ملا کر پیا کریں اور دار چینی کے تین چار ٹکڑے دن میں چوس لیا کریں۔

ترکیب استعمال: صبح شام ایک ایک گرم دودھ کے ساتھ کھا لیا کریں۔

2۔ مرجان شاخ 25 گرام لے کر کوٹ کر عرقِ گلاب میں چھ دن کھرل کریں۔ مانند غبار ملے گا۔ اب پانچ گرام کلونجی پسی ہوئی ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

3۔ ایک چمچہ کلونجی آئل 100 گرام پودینے کے جوشاندے کے ساتھ دس دن

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



تک استعمال کریں (جوشاندہ بنانے کے لئے) پودینہ ایک گلاس پانی میں ابال کر چھان لیں۔

## (97) قوت رجولیت کے لئے:۔

جب کلونجی کا تیل زیتون کے تیل اور کندر اور لوبان الذکر کے ساتھ پلایا جائے تو ناامیدی کے باوجود شہوت لاتا ہے۔

صاحب قانون ابن سینا لکھتے ہیں کہ کلونجی کے لاتعداد فوائد ہیں۔ یہ حبۃ السوداء (یعنی کلونجی) تمام ٹھنڈے (بلغمی) امراض کے لئے مفید ہے۔

کلونجی طبعاً گرم خشک ہے تیسرے درجے میں۔ برص، بخار چوتھیا، بلغمی بخار، سدے کھولنے اور ریاح کو تحلیل کرنے، معدے کی رطوبت اور تراوٹ کو خشک کرنے میں مفید تر ہے۔ اور اگر پیس کر شہد میں گوندھ کر گرم پانی سے کھلایا جائے تو گردے اور مثانہ کی پتھری کو خارج کر دیتی ہے۔ نیز پیشاب آور اور حیض جاری کرتی ہے۔ جس جانور یا عورت کا دودھ نہ اتر رہا ہو، بچہ بھوکا رہتا ہو تو اس عورت اور جانور کو کلونجی استعمال کرائیں تو دودھ کی کمی کی شکایت دور ہوگی۔ اگر سرکہ میں پیس کر زخم پر ڈالیں تو زخم کے جراثیم ختم کرتی ہے۔

## (98) قوت مدافعت بڑھانے کا گر:۔

ہر روز صبح کلونجی ایک گرام تک کی مقدار میں کھائی جائے۔ گرم مزاج والے حضرات آدھا گرام لیں۔

## (99) قیمتی کپڑوں کی حفاظت:۔

کلونجی کے دانے ٹرنکوں اور سوٹ کیسوں میں چاروں کونوں اور درمیان میں رکھ دیئے جائیں۔ اس سے قیمتی کپڑے کیڑے مکوڑوں سے محفوظ رہیں گے۔

## (100) کالی کھانسی کا علاج:۔

کلونجی 300 گرام، برگ گاؤزبان 300 گرام۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں :



ترکیب تیاری: دونوں ادویہ کو توے یا کڑاہی میں رکھ کر جلالیں اور کوئلہ کی شکل (سیاہ۔نہ کہ سفید) میں آجائے تو پیس کر محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** چار چار رتی صبح شام تخم باقلاء کے جوشاندہ سے کھائیں۔

## 101 کان کی سوزش :۔

روغن زیتون اور روغن کلونجی ہم وزن ابال لیں اور نیم گرم روغن کے چند قطرے کان میں ٹپکا دیں۔سوزش ختم ہو جائے گی۔

## 102 کان کے امراض :۔

1۔مچھلی کا تیل ،کلونجی کا تیل ۔کلونجی کی چائے مریض کو پلائیں۔مچھلی کا تیل مریض کے متاثرہ کان میں ڈالیں روزانہ دو یا تین قطرے ڈالیں ۔کلونجی کے تیل سے سر کے پچھلے حصہ کی مالش کریں۔کلونجی کی چائے میں چینی کی بجائے شہد سے میٹھا کریں۔

2۔کلونجی 10 گرام،رتن جوت 20 گرام،تلوں کا تیل 100 گرام۔ہلکی سی آنچ پر مذکورہ دونوں دوائیں تیل میں جلالیں۔تیل چھان کر صاف شیشی میں محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح شام روئی کے ساتھ کان صاف کر کے تین چار قطرے ماؤف کان میں ڈال کر روئی سے کان بند کردیں۔

## 103 کان کے کیڑے :۔

کلونجی کا تیل لے کر کان میں ڈالیں ۔ بہت جلد مرض رفع ہو گا اور مریض کو سکون رہے گا۔

## 104 کان میں درد، کان کا بہنا اور بہرہ پن :۔

کلونجی کا تیل، خالص سرسوں کا تیل ،روغن بادام تلخ برابر مقدار میں سے ایک قطرہ کان میں ڈالیں ۔انشاء اللہ بہرے پن اور بہنے سے نیز درد کان سے شفا نصیب ہوگی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 105 کثرت تیزابیت، کھٹے ڈکاروں کا آنا:۔

آج کل تیزابیت کی کثرت ہر دوسرے آدمی کو ہے۔ جسے دیکھو مبتلائے ابتلاء ہے۔ درج ذیل نسخہ تیزابیت کی کثرت کو دور کرتا ہے اور بہت بہتر نتائج پیدا کرتا ہے۔ طبیعت میں سکون پیدا کرتا ہے۔

کلونجی 50 گرام، ملٹھی 100 گرام، سونف 100 گرام، ہلدی 100 گرام۔ تمام ادویہ کو باریک کر لیں۔ ہر کھانے کے بعد تین گرام کھلائی جائے۔ اور جب معدہ میں جلن ہو رہی ہو تو اس وقت ایک خوراک فوراً اثر دکھاتی ہے۔

## 106 کثرت حیض:۔

کلونجی 50 گرام جلا کر کوئلہ کر لیں اور اس میں مندرجہ ذیل ادویہ ملا لیں۔ طباشیر، گل سرخ، کمرکس، مازو، نشاستہ ہر ایک بیس بیس گرام۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور محفوظ کر لیں۔ تین تین گرام صبح شام شربت انجبار کے ساتھ استعمال کریں۔

نوٹ: اگر خون بہت ہی زیادہ کثرت سے آ رہا ہو تو پھر اسی دوا میں کشتہ یاقوت خوراک ایک رتی شامل کر لیں اور دوا ہر تین تین گھنٹے بعد دہرائیں

## 107 کلونجی اور رعشہ:۔

اسباب مرض (1) اصل سبب اس مرض کا خلط بلغم کی زیادتی

(2) بعض اوقات زہریلے جانور کے کاٹنے سے بھی یہ مرض شروع ہو جاتا ہے۔

(3) ذہنی صدمہ (4) ابتلاء مصائب (5) ایام غم کی زیادتی

(6) کثرت جماع (7) کوئی حادثہ یا چوٹ

ترکیب تیاری: معجون فلاسفہ ایک تولہ، کلونجی باریک پسی ہوئی ایک ماشہ دونوں ادویہ کو تازہ یا نیم گرم پانی کے ساتھ دن میں دو مرتبہ استعمال کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 108 کمر کے درد اور گینٹھیا کیلئے:۔

تھوڑا سا کلونجی آئل ہلکا سا گرم کر کے متاثرہ حصے پر اچھی طرح مالش کریں اس کے ساتھ ایک چمچہ عام کلونجی آئل دن میں دو بار پیتے رہیں۔ آرام دو ہفتوں میں متوقع ہے۔ انشاءاللہ

## 109 کمزور اور لاغر خواتین کے لئے:۔

کلونجی 20 گرام، اسگندنا گوری 50 گرام، ثعلب مصری 50 گرام۔ تینوں ادویہ کو پیس کر برابر وزن میں رکھ کر ملا لیں۔ ایک چمچہ چائے والا دودھ میں پکا کر نیم گرم دن مین ایک دو بار کھالیا جائے۔

پرہیز: چائے، بوتلیں ہر قسم اور ہر طرح کی ترشی سے پرہیز کیا جائے۔

## 110 کم ھمتی اور بدن کی تھکاوٹ:۔

عام طور پر دن بھر کام کاج کے بعد بدن میں عضلاتی تھکاوٹ ہو جاتی ہے۔ اس کو رفع کرنے کے لئے اکسیری نسخہ حاضر ہے۔ مرجان 20 گرام کوٹ کر عرق گلاب کی مدد سے کھل کرلیں۔ پھر اس میں ورق نقرہ 50 عدد کلونجی 50 گرام پیس کر شامل کر لیں اور بہمن سرخ بھی پچاس گرام ملا کر زیرو نمبر کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح ایک کیپسول شام دودھ کے ہمراہ۔

## 111 اکسیر جریان و احتلام:۔

کلونجی 5 تولہ، سناء مکی 2 تولہ، سنڈ 2 تولہ، کشتہ مرجان 1 تولہ، شہد 1 تولہ کو پیس کر آپس میں ملا لیں۔ ایک ماشہ صبح اور ایک شام کھانے کے بعد استعمال کریں ہمراہ دودھ یا پانی

فوائد: معدہ کے تمام امراض، گیس، قبض، جگر و مثانہ کی گرمی مردانہ کمزوری، دائمی نزلہ زکام، ریشہ کیڑا، پرانا جوڑوں کا درد، جریان، احتلام، پٹھوں کی کمزوری، پیٹ کے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



کیڑے، بواسیر اور پرانے لیکوریا کے لئے لاجواب ٹانک ہے۔

## 112 استسقاء (پیٹ میں پانی بھر جانا) کا علاج:۔

سبز کریلا کو کوٹ کر 5 تولہ پانی نچوڑ لیں۔ اس میں دو تولہ شہد اور 10 قطرے کلونجی کا تیل ملا کر ایک دفعہ روز پئیں۔

## 113 یرقان کا علاج:۔

مہندی کی پتیاں دو تولہ رات کے وقت پانی میں ڈبو دیں۔ صبح چھان کر پانی میں 14 عدد کلونجی کے دانے، ایک چمچ شہد اور 10 قطرے کلونجی کا تیل ملا کر پلا دیں۔

## 114 پیشاب کی جلن کا علاج:۔

ایک پاؤ خالص دودھ میں 8 قطرے کلونجی کا تیل اور ایک چمچ شہد ملا کر پلائیں۔

## 115 پیشاب کی کمی کا علاج:۔

مکئی کے بھٹے کے بال دو تولہ پانی میں جوش دیں اور 10 قطرے کلونجی کا تیل ملا کر پلائیں۔

## 116 سکری کا علاج:۔

کلونجی کے دانے 30 گرام، کاسنی کے پتے 20 گرام، مہندی کے پتے 35 گرام، سرکہ 500 گرام، 10 منٹ ابال کر چھان لیں۔ پھر کلونجی کے تیل میں ملا کر لگائیں۔

## 117 گرتے بالوں کا علاج:۔

صرف کلونجی کا تیل سر پر لگائیں اگر چاہیں تو بالخورہ یا گنج کے علاج کے عملوں میں سے کوئی بھی عمل کریں۔

## 118 ذیابیطس کا علاج:۔

کلونجی کا دانہ ایک تولہ، کاسنی اور میتھی کا دانہ آدھ آدھ تولہ ملا کر پیس کر رکھ لیں تین

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



تین ماشہ صبح وشام 4 قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ کھائیں۔

## 119 بالخورہ کا علاج:۔

ادرک کا پانی نکال کر اس میں ہم وزن سرکہ ملا کر لگائیں سونے سے پہلے کلونجی کے دانوں کو کلونجی کا تیل اور سرکہ میں پیس کر متاثرہ جگہ پر لیپ کریں۔

## 120 سفید بالوں کا علاج:۔

نیم، کلونجی اور اجوائن یا تخم کے بیجوں کا تیل تینوں کا ہم وزن تیل روزانہ بالوں پر لگائیں۔

## 121 بواسیر کا علاج:۔

پسے ہوئے مہندی کے پتے 50 گرام خالص زیتون کا تیل 250 گرام اچھی طرح ملا کر 5 منٹ ابال کر چھانے بغیر رکھ لیں رات کو سونے سے پہلے بواسیر پر روئی کی مدد سے یہ تیل تین قطرے کلونجی کا تیل ملا کر لگا دیں۔ اسی طرح صبح بھی لگائیں۔
نہار منہ چار سے پانچ انجیر 10 قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ کھالیں۔

## 122 درد کمر گنٹھیا کا علاج:۔

صاف لہسن کی ایک پوتھی سرسوں کے تیل ایک پاؤ میں خوب پکا کر سنبھال کر رکھ لیں۔ رات کلونجی کے تیل کے ساتھ مالش کریں۔

## 123 معیادی بخار کا علاج:۔

اجوائن ایک تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں رات کے وقت مٹی کی پیالی میں رکھ دیں صبح صاف کر کے 10 قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ پی لیں۔

## 124 نزلہ و زکام کا علاج:۔

چھوٹی انگلی میں کلونجی کا تیل لگا کر ناک کے اندر لگائیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 125 امراضِ رحم اور قوتِ باہ کیلئے قیمتی نسخہ:۔

اجزاء و ترکیب: کلونجی، میتھی، ہر ایک دس تولہ، دونوں ادویہ کو جوکوب کر کے ایک سیر روغن کنجد میں پکائیں۔ جب جلنے کے قریب ہو تو آگ سے اتار لیں اور صاف کپڑے میں سے چھان کر سنبھال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: تقویت باہ کے لیے بطور طلاء، امراض رحم میں بطور فرزجہ اور درد وغیرہ کے لئے نیم گرم مالش کریں۔ ثقل سماعت کے لیے کان میں ڈالیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، عرق النساء، وجع مفاصل اور اکثر سرد بلغمی امراض کے لیے مفید ہے۔ باہ کو تقویت بخشتا ہے۔ رحم کے ورم و صلابت کو دور کرتا ہے۔ ثقل سماعت کو نافع ہے۔

## 126 گردے کی پتھری:۔

اطباء حضرات عام طور پر جگنو کو گردے کی پتھری کے لئے استعمال میں لاتے ہیں جو کہ اکسیر کا درجہ رکھتا ہے مگر ہر جگہ کہاں میسر ہو سکتے ہیں۔ بعض اوقات کئی بار آپریشن کے باوجود پتھری پھر بن جاتی ہے۔ مگر جو کلونجی والا یہ نسخہ استعمال کرتے ہیں انہیں کبھی آپریشن کی ضرورت پیش نہیں آتی اور زندگی بھر کے لئے اس مرض سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

کبوتر ذبح کر کے آلائش اور فضلہ سے صاف شدہ کے اندر حجر الیہود 50 گرام، سنگ سرماہی 50 گرام، بھلاوہ یعنی بلادر 100 گرام بھر کر سی لیں۔ مٹی کے بڑے برتن میں آدھ کلو کلونجی ڈال کر اس پر وہ کبوتر رکھیں پھر اس کے اوپر آدھ کلو کلونجی ڈال دیں۔ اس برتن کو روئی ملی مٹی یا بھوسے ملی مٹی سے لیپ کریں۔ خشک کر کے ایک من سرکنڈوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر راکھ اور دوا نکال کر پیس لیں۔ چوتھا حصہ چھوٹا چمچ چائے والا دن میں تین بار شربت بزوری استعمال کریں۔ بفضل تعالیٰ شفاء کلی حاصل ہوگی اور اسی دوران ہر کھانے کے بعد معجون نانخواہ تین ماشہ کھلائی جاتی ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 127 گردے مثانے کی پتھری:۔

1۔ روغن کلونجی دس قطرے، ایک چمچہ شہد خالص نیم گرم پانی میں ملا کر کھانے کے بعد استعمال کریں۔ چند یوم استعمال شرط ہے۔

2۔ دن مین ایک بار 14 عدد پسے ہوئے کلونجی کے دانے، 10 قطرے کلونجی کا تیل، ایک کھانے کا چمچ خالص شہد پینے کے قابل گرم پانی میں ملا کر پی لیں۔ سات دن میں دو بار خالص دودھ میں ایک کپڑا تر کر کے مقام گردہ پر رکھ دیں اور فلالین کا کپڑا رکھ کر پٹی باندھ دیں۔

## 128 گلے اور آواز کی صفائی:۔

کلونجی 25 گرام، خولنجان 25 گرام، رب السوس 25 گرام۔ تینوں کو باریک پیس کر پان کے پتوں کے پانی کی مدد سے کابلی چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: دن میں وقفہ وقفہ سے دو دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

## 129 گنجے پن کو دور کرنے کے لئے:۔

1۔ روغن کلونجی اور انڈوں کے تیل کو مکس کر کے گنج پر لگائیں۔ چند یوم کے بعد نئے بال اگنا شروع ہو جائیں گے۔

2۔ انڈے کی زردی کا تیل دو چمچ کلونجی باریک شدہ آدھا چمچ دونوں کو ملا کر سر پر اچھی طرح رگڑیں اور مالش کریں۔ اس کے مسلسل استعمال سے بال اگ آتے ہیں۔

3۔ کلونجی کے دانوں کو جلا کر راکھ میں خالص زیتون اور کلونجی کے تیل میں ملا کر لگائیں۔

4۔ مہندی کے پتے، حب الرشاد اور کلونجی کے دانے سب ہم وزن پیس کر کلونجی کا تیل اور سرکہ ملا کر سر پر لگائیں۔

## 130 گھر سے کیڑے مکوڑوں کا بھگانا:۔

کلونجی، اسپند اور صعتر کی دھونی گھر میں دی جائے۔ اس سے کیڑے مکوڑے دور

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



بھاگ جاتے ہیں۔

## 131 گیس اور اپھارہ:۔

آب ادرک ایک تولہ، کلونجی کا تیل چھ قطرے، تھوڑا سا نمک پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

## 132 گیس اور ریاح کا علاج:۔

قہوہ کے ایک کپ میں کلونجی کا تیل تین قطرے ملا کر نوش کریں۔

## 133 لقوہ فالج:۔

1۔ ہر روز تیل کلونجی ایک قطرہ متاثرہ جگہ کے مخالف نتھنے میں ڈالیں اور تیل کلونجی دس قطرے ایک چمچہ شہد خالص میں ملا کر پلائیں۔ انشاءاللہ کامیابی ملے گی۔

2۔ روزانہ کلونجی کے تیل کا ایک قطرہ متاثرہ حصہ کے مخالف ناک کے نتھنے میں ڈالیں اور کلونجی کا تیل 10 قطرے ایک چمچ شہد پانی میں ملا کر پئیں۔ ساتھ چار سو گرام سرسوں کے تیل میں 60 گرام کوٹے ہوئے لہسن کا پانی ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب سارا لہسن کا پانی تیل میں جل جائے تو تیل سنبھال کر رکھ لیں۔ رات کے وقت کلونجی کا تیل اور لہسن والا سرسوں کا تیل برابر ملا کر متاثرہ حصے کی مالش کریں۔

## 134 لقوہ کے لئے تیل:۔

یہ تیل عرق النساء، اگزیما، فالج، محلل ریاح، نقرس، شہوت ابھارنے میں بے حد مفید ہے۔ نیز اگر کانوں کے سوراخ بند ہو جائیں اور رومی بہرہ ہو جائے تو اس کے قطرات کانوں میں ڈالنے سے پیپ زدہ زخم کیڑے وغیرہ کا شافی علاج ہے۔

ترکیب تیاری: میتھی، کلونجی۔ دونوں کو خوب باریک کر لیں۔ پھر تیل میں ڈال کر آگ پر اچھی طرح پکائیں۔ پھر تین دن پلائیں اور کان میں ٹپکائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 135 متلی اور قے:۔

1۔سرکہ سیب 100 گرام، شکر 200 گرام، کلونجی کا تیل 10 قطرے شامل کر کے مریض کو چٹائیں۔

2۔لوبان ذکر، کلونجی، زیتون کا تیل۔کلونجی اور لوبان ذکر کو پیس کر خوب مکس کر لیں۔ سفوف کا ایک چمچ روزانہ کھلائیں۔زیتون کے تیل سے پیٹ پر مالش کریں۔

## 136 مرگی:۔

کلونجی کے تیل کا ایک قطرہ دائیں ناک کے نتھنے میں ڈالیں۔اگلے دن کلونجی کے تیل کا ایک قطرہ بائیں ناک کے نتھنے میں ڈالیں اور روزانہ دس قطرے کلونجی کا تیل شہد میں پانی ملا کر پلائیں۔

## 137 مرہم بواسیر:۔

کلونجی 100 گرام توے پر جلا کر کوئلہ کر لیں اس میں مغز تخم ریٹھا 50 گرام کھرل کر کے ملا لیں پھر ویسلین 200 گرام میں ان دونوں کو ملا کر رکھ لیں۔مرہم تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** اجابت سے فراغت کے بعد یہ مرہم بواسیری زخم اور مسوں پر لگائی جاتی ہے۔

**نوٹ:** اس مرہم میں روغن زیتون شامل کر لیا جائے تو پھر بہت جلد افاقہ کی صورت نکل آتی ہے۔

## 138 مسوڑھوں اور دانت کا درد:۔

لونگ کا تیل ایک قطرہ اور کلونجی کا تیل ایک قطرہ ملا کر درد والی جگہ پر لگائیں۔درد فوراً ختم ہوگا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com


## 139 مسوڑھوں کی سوزش اور ورم کا علاج:۔

کلونجی 100 گرام پیس لیں اور شہد میں ملا کر پیسٹ بنالیں۔ دوا تیار ہے۔ صبح شام مسوڑھوں پر لگایا جائے۔

## 140 مسہ ختم کرنے کے لئیے:۔

متاثرہ حصے پر خرفہ یا باقلہ ملیں اور کلونجی آئل لگائیں اور اس عمل کو پندرہ دن تک دہرائیں۔ اس دوران ایک چمچہ کلونجی آئل دن میں دو بار پیتے رہیں۔

## 141 معجون فالج و لقوہ:۔

جند بیدستر ایک تولہ، کلونجی پانچ تولہ، اجوائن دیسی پانچ تولہ، سہاگہ بریاں پانچ تولہ، فلفل دراز پانچ تولہ، فلفل سیاہ پانچ تولہ، پیلا مول پانچ تولہ، ساکی پانچ تولہ، زیرہ سیاہ پانچ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک پیس کر ایک کلو شہد خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: صبح دوپہر شام ایک چمچ یومیہ استعمال کریں مسلسل چند ایام۔ پھر حیرت انگیز فوائد کا نظارہ کریں اور شافی مطلق کی قدرت کاملہ کا شکریہ ادا کریں۔

فوائد: جوڑوں کے پرانے درد گنٹھیا، یوریا اور یورک ایسڈ کی زیادتی، دائمی قبض، اعصابی کھچاؤ، پٹھوں کی کمزوری اور فالج ولقوہ کے مایوس مریضوں کا علاج بلکہ مایوسی کے لیے پیغام شفاء ہے۔

## 142 مقوی بدن قوت مدافعت کا خزانہ:۔

کلونجی، حلبہ مصفی، چینی ہر ایک ہم وزن۔

ترکیب تیاری و استعمال: تمام ادویہ باریک پیس کر سفوف تیار کریں پھر کھانے کے بعد آدھا چمچہ چائے والا کھلائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 143 ملیریا بخار:۔

کلونجی کا سفوف، لیموں۔کلونجی کا سفوف ایک چمچہ اور لیموں کا رس چینی سے میٹھا کر کے ایک کپ بنالیں اور مریض کو دیں۔

## 144 منہ اور زبان کے چھالے:۔

کلونجی اور برگ گاؤ زبان برابر وزن میں لے کر توے پر رکھ کر جلالیں پھر طباشیر ملالیں۔اس دوا کو منہ میں چھڑکا جائے۔

## 145 منہ کے زخم:۔

منہ کے زخم کو حدق بھی کہا جاتا ہے۔چنبیلی، گلاب خشک، کلونجی، چینی کچھ دیر منہ میں روک لیں۔منہ کی گرمی کے لئے نافع ہے۔

## 146 موٹاپے کا علاج:۔

کلونجی 100 گرام، اجوائن دیسی 200 گرام، زیرہ سفید 200 گرام۔ تمام ادویہ کو خوب باریک پیس لیں۔

**مقدار خوراک:** تین تین گرام صبح شام نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

**نوٹ:** یہ نسخہ ہم وزن مقدار سے بھی تیار کیا جاسکتا ہے اس صورت میں سکنجبین کے ہمراہ کھلایا جاتا ہے۔

## 147 معیادی بخار:۔

اجوائن دیسی ایک تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں رات کے وقت مٹی کی پیالی میں رکھ دیں۔ صبح پانی صاف کر کے دس قطرے کلونجی کے تیل کے ساتھ پی لیں۔سات آٹھ روز تک یہ عمل کریں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 148 کوڑھ اور جذام:۔

15 دن تک متاثرہ حصے پر سرکہ ملیں اور کلونجی آئل لگائیں۔

## 149 کولیسٹرول کو نکالنے کیلئے:۔

کلونجی 25 گرام، افسنتین 25 گرام، ریوند خطائی 25 گرام، زیرہ سفید 50 گرام، قلمی شورہ 25 گرام۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: ہر تین گھنٹہ بعد دو دو گرام نیم گرم پانی سے کھایا جائے۔

## 150 کھانسی اور دمہ:۔

سینے اور کرم پر کلونجی آئل ملیں۔ تین چمچہ کلونجی آئل صبح، دو پہر اور رات شہد کے ساتھ پئیں اور کلونجی کے تیل کو پانی میں ملا کر بھاپ لیں۔

## 151 گاڑھی بلغم کو پتلا کر کے نکالنے کا شربت:۔

کلونجی 50 گرام، ابریشم صاف شدہ 25 گرام، تخم السی 25 گرام دو گلاس پانی میں ہلکی آنچ پر جوش دیں اور چھان لیں۔ اس جوشاندہ میں برابر وزن شہد ملا کر پھر جوش دیں اور ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھرلیں۔

ترکیب استعمال: دن میں تین چار مرتبہ یہ شربت دو دو چمچے پلایا جاتا ہے۔

## 152 گرتے بال:۔

روغن کلونجی سر پر لگائیں یا بالخورے اور گنجے پن کے جو نسخہ جات مذکور ہیں ان کو استعمال کریں۔ بال گرنے سے رک جائیں گے۔

## 153 گردن توڑ بخار:۔

کلونجی آئل کی بھاپ لیں اور ایک چمچہ کلونجی آئل لیمن جوس یا لیمن اسکواش کے ساتھ صبح و شام لیں۔

Ashnafi Software Inc ©

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 154 گردوں کی صفائی اور بلڈ یوریا کا اخراج:۔

کلونجی 50 گرام، ریوند خطائی 200 گرام، پانی ایک لیٹر۔

ترکیب تیاری: کلونجی، ریوند خطائی کو کوٹ کر پانی میں پکالیں اور چھان لیں۔ اب اس پانی میں شہد خالص 500 گرام شامل کر کے ایک دو جوش دے لیں۔

مقدار خوراک: عرق اجوائن آدھا کپ، عرق مکو آدھا کپ اور مذکورہ شربت آدھا کپ ملا کر ہر تین گھنٹے بعد پلایا جائے۔ کریٹین اور بلڈ یوریا کا اخراج کرتا ہے۔

## 155 شوگر کا علاج:۔

کلونجی، تخم سرس، گوند کیکر، ثمرۂ خشک، تمام ہم وزن بالکل باریک کوٹ پیس کر فل سائز کیپسول بھر لیں۔ اور صبح شام استعمال کرائیں۔ یا دن میں چار بار یعنی چار کیپسول روزانہ استعمال کرائیں۔ یہ کیپسول شوگر کے لئے بہت ہی زیادہ مفید ہے۔ اس کے استعمال کرنے سے مریض جلد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔

## 156 بالوں کا علاج:۔

پہلا نسخہ: اسبغول ثابت ایک چھٹانک ایک کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اچھی طرح مل کر اس کا لعاب کسی موٹے کپڑے میں چھان لیں۔ اور اس میں کلونجی بالکل باریک میدہ کی ہوئی آدھی چھٹانک ملا کر سر کے بالوں میں اچھی طرح لگائیں۔ کم از کم تین یا چار گھنٹے یہ لیپ لگا رہے۔ اور اس کے بعد تازہ پانی سے سر کو دھو لیں۔ کچھ عرصہ مسلسل ایسا کرنے سے بالوں کا بڑھنا زیادہ ہو جائے گا۔ ان کا گرنا رک جائے گا۔ بعض اوقات بال دو شاخ ہو جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں یہ لیپ مفید اور موثر ثابت ہوتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



دوسرا نسخہ: کلونجی باریک پسی ہوئی آدھی چھٹانک، بیری کے سبز پتے تقریباً ایک پاؤ۔ دونوں کو آپس میں یک جان کر کے خوب کوٹ لیں۔ اتنا کوٹیں کہ آپس میں مل جائیں اور ایک لئی سی تیار ہو جائے۔ اگر یہ لیپ کچھ گاڑھا ہو تو ہلکا سا پانی ملایا جا سکتا ہے۔ بالوں کی جڑوں میں یہ لیپ لگا لیا جائے۔ اور اچھی طرح کپڑا باندھ لیا جائے کم از کم چار گھنٹے کے لئے یہ لیپ لگا رہے۔ پھر کپڑا اتار کر تازہ پانی سے سر کو دھولیں۔ یہ بھی بالوں کے جملہ امراض کے لئے مفید و موثر ہے۔

## 157 برص کا علاج:۔

برص ایک ایسی مرض ہے جو انسان کے ظاہری حسن اور خوبصورتی کو تباہ کر دیتی ہے۔ جسم پر پہلے جگہ جگہ سفید داغ نمودار ہوتے ہیں۔ یہ داغ آہستہ آہستہ بڑھتے جاتے ہیں۔ اور یہ بڑھتے بڑھتے پورے جسم کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔ ذیل کا نسخہ برص کی جملہ اقسام کے لئے مفید اور موثر ہے۔

ہلدی سبز ایک کلو، کلونجی ایک کلو، نیم کی نمولی نیم کوٹی ہوئی پانچ کلو، مجیٹھ ایک کلو، گل منڈی ایک کلو لیں۔ ان تمام کو ایک کلو پانی میں بھگو دیں۔ دس دن بھگونے کے بعد ان تمام کا عرق مروجہ طریقے کے مطابق کشید کریں۔ اور برص والے مریض کو 5 تولے عرق صبح و شام تین ماہ تک پلائیں اور بیرونی طور پر لگانے کے لئے مریض کو انڈے کی زردی کے تیل اور باریک پسی ہوئی کلونجی والا لیپ لگوائیں۔ یہ نسخہ کوڑھ کے مریض کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

اس کے علاوہ بابچی اور کلونجی ہم وزن کوٹ پیس کر دو سے تین گرام صبح و شام اسی عرق کے ہمراہ استعمال کریں۔ تو اس مرض سے جلد چھٹکارا ممکن ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 158 سکری یا بالوں کی خشکی کا علاج:۔

اگر مذکورہ نسخہ کو زیتون کے تیل میں ملا کر سر کے بالوں کو لگایا جائے اور زیتون کے تیل میں ملا کر کھایا جائے۔ یعنی اس کے کھانے میں زیتون کا تیل استعمال ہو تو ایسی کیفیت میں یہ نسخہ بہت ہی زیادہ مفید اور موثر ثابت ہوتا ہے۔

## 159 بلڈ پریشر لو کیلئے:۔

آدھ پاؤ تارامیرا کے بیج، تین ماشے مشبر، آدھی چھٹانک کلونجی۔ تینوں کو پیس لیں اور مناسب مقدار میں شہد ڈال کر گولیاں بنالیں۔ رات کو سونے سے پہلے دو گولیاں دودھ کے ساتھ لیں۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔

## 160 بال لمبے، ملائم کرنے اور ٹوٹتے بالوں کیلئے:۔

ایک چھٹانک کلونجی، ایک پاؤ بیری کے تازہ پتے، دونوں پیس لیں۔
پانی میں مکس کر کے بالوں پر لگائیں۔ بال ملائم کرنے کے لئے، ٹوٹتے بالوں کو بچانے کے لئے اور بال لمبے کرنے کے لئے بہترین نسخہ ہے۔

## 161 یرقان/پیشاب جل کر آنا:۔

املی 50 گرام، آلو بخارا 50 گرام، نیلوفر 50 گرام، سوکھا دھنیا 50 گرام۔

**ترکیب استعمال:** کسی مٹی کے برتن میں ان چاروں چیزوں کو ڈال کر اس میں چار لیٹر پانی ڈال دیں اور صبح اٹھ کر اسے اچھی طرح مکس کریں۔ مصری ملا کر یہ پانی استعمال کریں۔ یرقان اور پیشاب جل کر آنے کے مرض میں مفید ہے۔

## 162 جگر، مثانے، معدے کی گرمی اور قوت باہ کیلئے:۔

دو تولے گوند کتیرا، دو تولے تخم بالنگو، دو تولے چھلکا اسپغول، ایک عدد کیلا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



گوند کتیرا اور تخم بالنگو کو رات کو ڈیڑھ گلاس دودھ (ایک دفعہ ابال کر ٹھنڈا کیا ہوا) میں بھگو دیں۔ صبح چھان لیں کہیں کوئی ذرہ کوئی چیز نہ ہو۔ مناسب چینی ڈال کر ہلاتے جائیں۔ انشاء اللہ جگر، معدے اور مثانے کی گرمی دور کر کے قوت باہ میں اضافہ ہوگا۔ کم از کم سات روز ضرور استعمال کریں۔ گرم اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ موسمی پھل استعمال کریں۔

## 163 چہرے کے داغ دھبے، چھائیاں دُور کرنے کیلئے:۔

ایک چمچہ لیموں کا پانی اور ایک چمچہ بالائی یا عرق گلاب مکس کر کے رات سوتے وقت لگائیں۔ انشاء اللہ ایک ماہ میں اچھے اثرات ملیں گے۔

## 164 موٹاپا، گیس، پیٹ کی تکالیف دُور کرنے کیلئے:۔

انار دانہ، پودینہ، پیاز، گڑ ہم وزن لیں اور پیس لیں۔ ایک چمچہ صبح اور ایک چمچہ شام لیں۔ انشاء اللہ افاقہ ضرور ہوگا۔

## 165 بالوں کا جھڑنا:۔

دس گرام کلونجی کے سفوف میں جرجیر کا رس ایک چمچہ ڈالیں اور تقریباً ایک چمچہ سرکہ ملائیں اور ایک چمچہ زیتون کا تیل ملائیں۔ پھر سر کو ہلکے گرم پانی اور صابن سے دھونے کے بعد اس محلول کی مالش کریں۔

## 166 سر درد:۔

کلونجی دس گرام، لونگ پانچ گرام، انیسون پانچ گرام کا پاؤڈر بنالیں اور صبح وشام ایک ایک چمچہ تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔ اور ساتھ میں سر پر روغن کلونجی کی مالش کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 167 جوں و لیکھ:۔

کلونجی میں سرکہ ملا کر اس قدر پیس یا کھرل کریں کہ وہ مرہم ہو جائے۔ پھر اس مرہم کو سر پر ملیں یا لگائیں اور اگر بال بڑے ہوں تو بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح ملیں اور چار گھنٹے تک دھوپ میں رہیں اور پانچ گھنٹے بعد سر کو دھولیں ایک ہفتہ تک روزانہ یہ عمل کریں۔

## 168 سر چکرانا اور کان میں درد:۔

کلونجی کے تیل کے چند قطرے کان میں ڈالنا کان کو بہت جلد آرام دیتا ہے۔ اور کان کو صاف وستھرا کر دیتا ہے۔ روغن کلونجی سے کنپٹی اور سر کے آخری حصہ کو ملنا غیر ارادی طور پر شفا دیتا ہے۔

## 169 دردِ زہ اور دقتِ ولادت:۔

دردِزہ اور ولادت کو آسان بنانے کے لئے کلونجی پانچ گرام، بالونہ پانچ گرام کا جوشاندہ بنائیں اور دو چمچہ شہد ڈال کر بوقت ولادت استعمال کرائیں۔ اس سے ولادت آسان ہو جائے گی۔

## 170 دانت، داڑہ اور حنجرہ کے درد کیلئے:۔

کلونجی کے جوشاندہ سے کلی اور غرارہ کرنا منہ اور حجرہ کے جملہ امراض کے لئے نہایت فائدہ مند ہے۔ اور ساتھ ہی ایک چمچہ کلونجی کا سفوف روزانہ گرم پانی سے صبح وشام استعمال کریں اور خارجی طور پر روغن کلونجی کی مالش کریں۔

## 171 مہاسے:۔

کلونجی کو سرکہ میں ڈالا جائے اور اونی کپڑے یا کتان (ایک قسم کا مضبوط کپڑا یا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



سوتی کپڑا) کے ذریعے چھالوں کی جگہ پر صبح وشام مالش مسلسل ایک ہفتہ تک کی جائے

## 172 چہرے کی خوبصورتی کیلئے:۔

دس گرام کلونجی کو زیتون کے تیل سو گرام میں ملائیں اور چہرے پر ہلکے ہاتھوں سے مالش کریں تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھیں۔ اس عمل کو روزانہ دن میں کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے۔

## 173 ہڈی جوڑنے کے لئے:۔

پکے ہوئے دال کا پانی، پیاز کا عرق (دال و پیاز کا شوربہ) اور ابلے انڈے کی سفیدی اور ایک بڑا چمچہ کلونجی لیں۔ انڈے کی سفیدی اور کلونجی کو شوربے میں ملائیں اور ایک دن رکھ دیں۔ دوسرے دن کسر کے اطراف میں مالش کریں اس کے بعد گرم روغن کلونجی کی روزانہ مالش کریں بہت جلد کسر جڑ جائے گا۔

## 174 جملہ جلدی امراض کے لئے:۔

روغن کلونجی، روغن گلاب مساوی الوزن لیا جائے اور نہایت باریک پسا ہوا گیہوں کا آٹا (دونوں تیل کے مساوی الوزن) تیل میں اچھی طرح ملایا جائے اس کو لگانے سے پہلے روئی کے ذریعے متاثرہ حصہ پر سرکہ لگایا جائے اور تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھایا جائے پھر اس تیار کردہ روغن کو روزانہ لگایا جائے مچھلی، انڈا، آم، بینگن وغیرہ سے پرہیز کیا جائے۔

## 175 چھلے ہوئے زخم:۔

ایک مشت کلونجی پانی میں اچھی طرح جوش دیں۔ پھر گرم ا[illegible] اس پانی میں عضو کو ڈبوئیں۔ اور عضو کو پانی سے نکالنے کے بعد روغن کلونجی کی [illegible] کریں اور بغیر پٹی کے چھوڑ دیں یہ عمل سونے سے قبل روزانہ کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 176 نشہ کے لئے:۔

سفوف کلونجی تیس گرام، مرایک بڑا چمچہ اور عرق خشخاش (ڈوڈہ) نصف پیالی لیں اور پسا ہوا انار ایک پیالی۔ کرمکلہ کی جڑ کا سفوف ایک پیالی اور حلتیت خالص ایک چمچہ لیں۔ پھر تمام ادویہ کو یکجا کر لیں یہ دہی کے مانند لعاب دار ہو جائے گا۔ جو نگلنے میں آسان ہوگا۔ شدید درد کی صورت میں استعمال کرایا جاتا ہے۔

## 177 ٹینشن یا ذہنی الجھن:۔

جب آپ گرم پانی پئیں تو اس میں چند قطرے روغن کلونجی ضرور ڈالیں۔ اس سے فشار الدم نہیں ہوگا اور اگر روغن کلونجی کو دھوپ میں گرم کر کے پورے جسم پر مالش کریں صرف ہفتے میں ایک مرتبہ تو یقیناً آپ صحت مند اور تندرست اور ہمیشہ خوش و خرم رہیں گے۔ مایوسی آپ کے قریب نہیں آئے گی۔

## 178 جسم میں چربی کا اضافہ:۔

ایک چمچہ سفوف کلونجی اور ایک چمچہ ورق خلیلیا لیں اور اس میں ایک پیالی شہد ملائیں اور کھائیں۔ اس سے حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے۔ خون میں چربی کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔

## 179 گردہ کے ورم کے لئے:۔

سفوف کلونجی کو روغن زیتون میں ملا کر ایک پوٹلی بنائیں اور مقام درد پر رکھیں اور روزانہ سفوف کلونجی ایک چمچہ کھائیں انشاء اللہ ورم ختم ہو جائے گا۔

## 180 پیشاب میں رکاوٹ اور جلنے کیلئے:۔

روغن کلونجی کو عانہ (Pelvis) (مقام تکلیف) پر سونے سے پہلے ملیں اور ساتھ ہی ایک کپ کلونجی کا جوشاندہ شہد کی آمیزش کر کے پئیں دوسرے روز بھی سونے سے پہلے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



استعمال کریں تکلیف دور ہو جائے گی۔

## 181 پیشاب کی بندش:۔

کلونجی کو چھلکے سے صاف کر کے بھونیں پھر پیس کر اور اس میں چھلکے والی کلونجی بھی ملائیں پھر اس میں سے ایک چھوٹا چمچہ دوا لے کر دودھ میں ملا کر روزانہ ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ اور اسے کسی بھی وقت استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بند پیشاب کھل جاتا ہے۔

## 182 جگر کا ورم:۔

ورم جگر والے مریض کے لئے صبر کی ضرورت ہے اور کلونجی کے استعمال کے بعد آپ آرام ہی آرام پائیں گے۔ ورم جگر کو دور کرنے کے لئے ایک ایک چمچہ پسی ہوئی کلونجی لیں اور ایک چمچہ صبر سقوطری (ایلوہ) لیں اور اس میں شہد ملائیں اور اسے روزانہ مسلسل دو مہینہ تک کھلائیں۔

## 183 دل کے امراض کے لئے:۔

ہمیں اللہ کے رسول حضرت محمد ﷺ کی باتوں پر مکمل یقین ہے اور یہ ایمان کے لوازمات میں سے ہے۔ تو جب رسول ﷺ نے ہمیں اس بات کی اطلاع دی ہے کہ کلونجی میں ہر بیماری کا علاج ہے تو اس میں ذرہ برابر بھی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ اور یہ بات بھی مسلسل ہے کہ مرض کے ذریعے اللہ تعالیٰ انسان کو آزماتا ہے اور دل کے مریض کو اللہ کی رحمت پر مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ بلکہ ایسے مریض کو کلونجی اور جوشاندہ کلونجی دس دانے کسی بھی وقت استعمال کرتے رہنا چاہیے۔

## 184 تلی کا بڑھنا:۔

پسی ہوئی کلونجی کو گرم روغن زیتون میں آمیزش کر کے پوٹلی بنا کر بائیں جانب پسلیوں کے نیچے رکھیں یہی عمل شام کو کریں اور ایک کپ حلبہ (میتھی) کا جوشاندہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



شہد سے میٹھا کر کے پلائیں اور سات قطرے روغن زیتون خارجی کے طور پر لگائیں۔متواتر ایک ہفتہ استعمال کے بعد خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔

## 185 آنتوں کی درد:۔

پنسون، زیرہ سفید، پودینہ ہم وزن لے کر جوش دیں۔اور اس میں تھوڑا شکر یا شہد ملائیں۔پھر اس میں کلونجی کے سات قطرے ڈالیں اور پئیں انشاء اللہ چند منٹ میں تکلیف دور ہو جائے گی۔

## 186 دست کے لئے:۔

جو جیر کا پانی (رس) لیں۔اس میں ایک بڑا چمچہ بھر کر کلونجی ملائیں۔اور ایک کپ مرکب کو تین بار میں پئیں۔اگر ایک دن میں اسہال بند ہو جائے تو دوسرے دن دوا نہ لیں اور اگر اسہال ہو تو دوسرے دن بھی اس مرکب کو استعمال کریں۔

## 187 بہرہ پن:۔

کلونجی میں پانی اور لونگ ڈال کر اچھی طرح جوش دیں اور بغیر میٹھا کئے دن میں تین مرتبہ پئیں انشاء اللہ تیسری خوراک لینے سے پہلے بہرہ پن اور غشیان (بے ہوشی) ختم ہو جائے گا۔

## 188 معدے کی سوزش:۔

ایک چمچہ کلونجی کھائیں اور ایک کپ گرم پانی میں بانس کا شہد (بانس پر لگے چھتے سے حاصل کردہ شہد) ملا کر پئیں۔اسے مسلسل ایک ہفتہ استعمال کریں۔

## 189 کھٹے ڈکار یا معدہ کی تیزابیت کیلئے:۔

روغن کلونجی کے چند قطرے ایک پیالی گرم دودھ میں ڈالیں اور اس میں شہد یا شکر کی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



آمیزش کریں اور پئیں یہ کھٹی ڈکار (Acidity) کو ختم کر دے گا۔ انشاء اللہ اس کے بارے میں کچھ بڑھا چڑھا کر نہیں بیان کیا گیا۔

## 190 ہیضے سے بچاؤ:۔

ایک چمچہ کلونجی اور ایک چمچہ کچلا ہوا لہسن لیں اور ان دونوں کو ایک پیالی یا طشتری میں ٹماٹر کے رس (ہلکا نمکین) سے ملائیں اور اس مرکب کو روزانہ مسلسل ایک ہفتہ تک پئیں۔ انشاء اللہ آپ کو کلی فائدہ نظر آئے گا۔

## 191 بانجھ پن:۔

پسی ہوئی کلونجی، میتھی اور تخم مولی ہم وزن ملائیں۔ اور صبح و شام ایک ایک چمچہ کھائیں یا اس مرکب میں ایک پیالی شہد ملائیں اور کھائیں۔ اور ایک بڑے کپ کے برابر اونٹنی کا دودھ پئیں۔ اگر مرضی مولیٰ ہوگی تو مراد پوری ہوگی۔ بصورت دیگر نہیں۔

## 192 دودھ کی کمی کے لئے:۔

روغن کلونجی پانی میں ڈال کر جوش دیں اور صبح و شام بھپارہ (انکباب) لیں اور علی الصبح ناشتہ سے قبل (خالی پیٹ) تقریباً ایک چمچہ سفوف کلونجی صبح و شام لیں ساتھ ہی روزانہ سونے سے قبل سینہ اور حجرہ پر روغن کلونجی کی مالش کریں۔

## 193 السر کے لئے:۔

پانچ گرام کلونجی ایک چمچہ شہد میں دس قطرہ روغن زیتون اور ایک چمچہ انار کے چھلکے کا پاؤڈر ملائیں اور روزانہ صبح و شام استعمال کریں۔ اس کے بعد ایک کپ سادہ دودھ پئیں یہ عمل مسلسل بلا ناغہ کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 194 سرطان:۔

روغن کلونجی کی دس دن میں تین مرتبہ مالش کریں اور پسی ہوئی کلونجی دس گرام ایک پیالی گاجر کے عرق سے پلائیں۔ اسے مسلسل تین مہینہ استعمال کرائیں اور ساتھ ہی ذکر الٰہی، تلاوت قرآن اور رب العالمین سے شفاء کی درخواست کرتے ہیں۔ یقیناً اللہ کی قدرت ومشیت سے یہ عمل آپ کے لئے معجزہ ثابت ہوگا۔

## 195 بھوک بڑھانے کیلئے:۔

ایک چھوٹے چمچہ سے پسی ہوئی کلونجی کھانا کھانے سے کچھ دیر پہلے کھلائیں اور ایک کپ سادے پانی میں چند بوند سرکہ ڈال کر پئیں۔ انشاء اللہ زبردست بھوک کا احساس ہوگا۔

## 196 ذہنی چستی اور یادداشت کیلئے:۔

پودینہ کا جوشاندہ بنائیں اس میں شہد اور سات بوند روغن کلونجی ملائیں پھر اسے صبح وشام پلائیں یہ مشروب چائے اور قہوہ کا بدل بھی ہوسکتا ہے۔ اس عمل سے بہت جلد ذہن ودانش کو کھلا ہوا محسوس کریں گے۔ اور آپ جس چیز کے یاد کرنے کا ارادہ کریں گے وہ حفظ ہونے لگے گی بالخصوص حفظ قرآن۔

## 197 حافظے کی خرابی:۔

یادداشت میں نقص ہو تو تین ماشہ کلونجی اور ایک تولہ خالص شہد آپس میں ملا کر چاٹ لیا جائے۔ اور بدہضمی سے بچا جائے گا۔ چالیس روز کی دوا سے ٹھیک ہو جائے گا

## 198 سیاہ رنگت:۔

اگر آپ کے چہرے کی رنگت گہری سیاہ ہے۔ تو کلونجی حسبِ ضرورت لے کر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



دودھ میں پیس لیں اور ہلکا سا گرم کر لیں۔ رات کو سونے سے پہلے اس دوا سے چہرے پر مالش کریں۔ اور سو جائیں۔ صبح جب اُٹھیں تو اچھے معیاری صابن سے منہ دھو لیا کریں۔ اس طرح چہرے کی رنگت میں فرق آئے گا اور سیاہی کم ہو جائے گی۔

## 199 پتے کی پتھری کے لئے:۔

ایک چمچہ کلونجی چوتھائی چمچہ مرہ ناعمہ اور ایک پیالی شہد لیں اور ان تینوں کو مربی کی طرح آمیزش کریں اور اسے کئی روز تک متواتر صبح و شام کھائیں حتیٰ کہ چہرے پر سرخی آ جائے اور پتے کی تمام خامیاں ناپید ہو جائے اور اللہ کی ان نعمتوں کا شکر ادا کریں جن کا تم شمار نہیں کر سکتے اور روزانہ ایک ایک پیالی روغن زیتون پینا بہتر ہے۔

## 200 شربت کلونجی سے مختلف امراض کا علاج:۔

بالفرض مناسب مقدار اور موقع کی مناسبت کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ نسخہ یعنی شربت کلونجی استعمال کرائیں تو مندرجہ ذیل امراض میں مفید موثر ہے۔

- ☆ دائمی نزلہ زکام کے لیے۔
- ☆ الرجی اور بلغم کے اخراج کے لیے۔
- ☆ جسم پر چھپاکی اور سرخ نشان پڑنے کے لیے۔
- ☆ پرانے آتشک اور زخموں کے لیے۔
- ☆ خارش اور درد کے لیے۔

## 201 دماغی کمزوری اور نسیان کے اسباب:۔

اس سے قبل کہ نسخہ کی طرف توجہ دی جائے بندہ مختصر انسیان کے اسباب کی طرف قارئین کی توجہ دلا رہا ہے امید ہے ان پر ضرور غور کریں گے۔

- ☆ کثرت معاصی، کائنات میں نسیان کی بڑی وجہ ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



☆ معدے کی خرابی اور ورم

☆ گیس تبخیر اور ریاح کی کثرت۔

## 202 اخراج دیدان ہر قسم:۔

کلونجی 100 گرام، سرکہ انگوری ایک بوتل، کلونجی کو موٹا موٹا کوٹ کر آدھی بوتل سرکہ اس میں ڈال دیں اور اسے خشک کر لیں اور کوٹ کر محفوظ کر لیں۔ اس کے بعد باقی آدھی بوتل میں ڈیڑھ کلو شکر شامل کر کے بدستور شربت تیار کر لیں۔

**مقدار خوراک:** تین گرام تیار شدہ پاؤڈر صبح دوپہر شام سرکہ تیار شدہ شربت کے ساتھ لیں۔

**نوٹ:** اگر شکر کی جگہ شہد ملا کر شربت تیار کر لیا جائے تو فوائد دوگنا ہو جاتے ہیں۔

## 203 استحاضہ:۔

حیض کے دنوں کے علاوہ آنے والے خون کو استحاضہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے درج ذیل نسخہ مفید ہے۔

کلونجی چالیس گرام توے پر جلا کر کوئلہ بنا لیں۔ پھر مندرجہ ذیل ادویہ کو ملا لیں۔

سنگھاڑا، خشک کتیرا، گوند کیکر، نشاستہ پچیس گرام

**مقدار خوراک:** پانچ پانچ گرام ہمراہ شربت نیلوفر یا شربت انجبار دو دو تولہ صبح و شام۔

## 204 التہاب الریہ:۔

کلونجی، زیتون کا تیل، شہد خالص تمام ادویہ کو ہم وزن لے کر کلونجی کا سفوف تیار کر کے شہد میں ملا لیں۔ پھر تیل کی رات کو سینے پر مالش کریں۔ اور رات کو سفوف کلونجی شہد کی آمیزش استعمال کریں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 205 التہاب المفاصل:۔

کلونجی، تخم کتان، بابونہ، شہد تمام ادویہ کو نرم آگ پر پکائیں۔ مرہم بنا کر شام کو تکلیف والی جگہ پر باندھیں۔ صبح کو کھول دیں۔

## 206 امراض طحال:۔

1۔ سفوف کلونجی، میتھی ایک ایک چمچہ، شہد خالص حسب ضرورت، دونوں ادویہ کو باریک کر کے مکس کریں، شہد کے ساتھ ملالیں۔ صبح و شام ایک چمچہ استعمال کریں۔

2۔ کلونجی، زیتون کا تیل ایک ایک حصہ، شہد سیاہ تین حصے، میتھی کا سفوف، کلونجی کا تیل، معجون کلونجی تیار کر کے زیتون کا تیل شامل کریں۔

3۔ ایک کپ پانی میں میتھی کا جوشاندہ تیار کریں پھر شہد شامل کریں۔ نیز سات قطرے کلونجی کا تیل ڈال کر نوش کرائیں۔

4۔ میتھی کی چائے تیار کر کے شہد سے میٹھا کریں۔ اور چند قطرے کلونجی کا تیل شامل کریں۔ پھر استعمال کریں بفضلہٖ تعالیٰ شفاء نصیب ہوگی۔

## 207 برص اور بہق کیلئے ضماد:۔

کلونجی کا بہق پر ضماد کرنا مفید ثابت ہوتا ہے جب اس میں سرکہ کا اضافہ کیا گیا ہو اور برص کے لئے اس کا ضماد کرنا نفع بخش ہے۔

## 208 بوڑھے افراد کی سرد مزاجی اور کمزوری کا علاج:۔

کلونجی 25 گرام، قرنفل کلاہ دار 50 گرام، دارچینی 20 گرام۔

## 209 جنسی کمزوری:۔

1۔ روغن کلونجی دو قطرے، شہد خالص ایک بڑا چمچہ، روغن جائفل ایک قطرہ ملا کر دو ہفتے تک لگائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



2۔قسط شیریں، حب الرشاد، کلونجی، تینوں کے دانے ہم وزن چالیس چالیس گرام ملا کر سنبھال کر رکھ لیں۔رات کے وقت ان کا 6 ماشے 2 قطرے کلونجی کا تیل، ایک بڑا چمچ شہد ایک گلاس دودھ میں ملا کر پی لیں۔

3۔200 گرام پسی ہوئی کلونجی اور 100 گرام لوبان، 50 گرام کلونجی آئل، 50 گرام رائی کا تیل، 50 گرام زیتون کا تیل اور 200 گرام خالص شہد ملا لیں۔ ہر کھانے کے بعد ایک چائے کا چمچہ اس آمیزے کا لیں۔یہ قوت حیات دوبارہ لائے گا۔

## (210) کلونجی، لونگ، سیب سے سولہ امراض کا علاج:۔

اس نسخہ کے سلسلہ میں اہم نکات درج ذیل ہیں۔

☆ یہ نسخہ دل کی ہر قسم کی بیماری کے لیے مفید ہے۔

☆ قے کے لیے بارہا آزمودہ ہے۔

☆ حاملہ کی قے کے لیے مفید تر ہے۔

☆ دل کی گھبراہٹ اور بے چینی کے لیے تریاق ہے۔

☆ ایک دم بیٹھ کر اٹھنے سے جو چکر آتے ہیں اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے اس کے لیے مفید ہے۔

☆ معدے میں عمومی گیس اور بادی کے لیے لاجواب ہے۔

☆ ہچکی کو روکنے کے لیے بے مثال ہے۔

☆ کھانا کھاتے ہی اپھارہ، بدہضمی، کھانا منہ کو آنا وغیرہ کے لیے بہترین ہے۔

**ترکیب تیاری:** سیب کا جوس ایک کلو، لونگ 50 گرام، کلونجی 50 گرام۔سب کو کسی شیشے، تام چینی یا سٹیل کے برتن میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔جب پانی خشک ہو جائے تو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



پیس کر محفوظ کر لیں۔ ایک چٹکی اس دوا کی پانی میں گھول کر یا عرق سونف یا عرق گلاب میں گھول کر دن میں چند بار پلائیں۔

اگر کسی کو مسلسل ہچکی آ رہی ہو تو کسی پان والے سے چونے کا پانی لے لیں۔ اس پانی میں سے دو چمچ ایک کپ تازہ پانی میں ڈال کر اور ایک بھری ہوئی چٹکی اس سفوف کی منہ میں ڈال کر اوپر سے وہی پانی پی لیں۔ اس طرح ہر تین گھنٹے کے بعد یہ عمل دہراتے رہیں۔ انشاء اللہ بہت جلد ہچکی سے آرام نصیب ہوگا۔

## 211 دیدان الجوف:۔

کلونجی لے کر پیس کر سرکہ میں گوندھ لیں اور گرم پانی سے مریض کو تین ماشہ کی مقدار میں کھلائیں۔ نیز مریض کے پیٹ پر لیپ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے کیڑے مر کر نکل جائیں گے۔

## 212 سعوطات نافعہ:۔

سردی کی وجہ سے دماغ، فالج، لقوہ، شقیقہ نیز ہر سردی والے درد کے لئے نافع ہے۔

ترکیب تیاری: کلونجی، فربیون، جاوشیر۔ ہر ایک تین گرام، فریق سفید و سیاہ بورہ ارمنی، کندس ہر ایک آٹھ ماشہ، جند بید ستر، زعفران ہر ایک دو ماشہ۔ تمام ادویہ مرزنجوش کے پانی میں گوندھ لیں اور عورت کے دودھ اور گلاب کے روغن اور آٹھ ماشہ ملا کر سعوط کریں۔

## 213 سکری کا علاج:۔

1۔ کاسنی کے پتے 20 گرام، مہندی کے پتے 60 گرام، سرکہ 500 گرام، تخم کلونجی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



32 گرام، دس منٹ پانی میں ابال لیں پھر چھان کر روغن کلونجی شامل کر کے سر پر لگائیں۔ چند یوم لگانے سے فائدہ ہوگا۔

2۔کلونجی ایک تولہ، حب الرشاد ایک تولہ، چھلکا امرود ڈیڑھ تولہ باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔ نصف چمچہ سے ایک چمچ تازہ پانی سے استعمال کریں۔ یہ کورس ایک ماہ استعمال کریں۔ انشاءاللہ سکری ختم ہو جائے گی۔

## 214 بواسیر کے لئے:۔

ناریل کی گری کے چھلکے ایک پاؤ تازہ لے کر ان کو جلالیں جب یہ جل کر راکھ بن جائیں تو کلونجی کے ساتھ ملا کر روزانہ صبح وشام تین تین ماشے بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ تقریباً ایک ماہ استعمال کریں۔

## 215 شربت کلونجی:۔

کلونجی ایک کلو، برگ بانسہ تین کلو کو ہلکا سا کوٹ کر بیس کلو پانی میں بھگو کر پکائیں۔ جب پانی پندرہ کلو باقی رہ جائے تو اتار کر رکھیں، ٹھنڈا ہونے پر خوب پیس کر پھر ہلکی ہلکی آگ پر پکائیں تاکہ پانچ کلو پانی پھر کم ہو جائے۔ پھر مل کر آگ پر رکھیں تاکہ چار پانچ کلو پانی اور کم ہو جائے۔ پھر چھان کر پانچ کلو چینی ملا کر شربت تیار کریں اور بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** شربت کلونجی گرم پانی کے کپ میں گھول کر دن میں تین بار پلائیں۔ انشاءاللہ آہستہ آہستہ بلغم کو خارج کر کے سینہ کو صاف کر دے گا۔ کچھ عرصہ کے بعد بالکل تندرست ہو جائے گا۔

**فوائد:** بلغم، ریشہ، کھانسی، دمہ، کشیدگی، بے قراری کے لئے مفید ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 216 شربت مفتح سدد:۔

مندرجہ ذیل شربت بلغمی سدے کھولتا ہے اور طبیعت میں فرحت اور تازگی پیدا کرتا ہے۔

کلونجی 20 گرام، اجوائن دیسی 20 گرام، بادیان 50 گرام، گل سرخ مصفی 50 گرام، مویز منقیٰ 50 عدد، تخم کاسنی 50 گرام۔

**ترکیب تیاری:** تمام ادویہ کو تین گنا پانی میں بھگو دیں اور 12 گھنٹے بعد ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو چولہے سے نیچے اتار کر رکھ لیں، نیم گرم ہونے پر کپڑے سے چھان لیں۔ جتنا پانی ہو اس سے تین گنا چینی ملا کر پھر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب قوام تیار ہو جائے تو آگ سے نیچے اتار کر رکھ لیں۔ شربت تیار ہے۔

**مقدار خوراک:** دو دو تولے صبح و شام عرق گاؤزبان میں ملا کر پلائیں۔

## 217 شیر افزاء:۔

اسگندھ ناگوری 5 تولہ، کلونجی 3 تولہ، بنولوں کی گریاں 10 تولہ۔

**ترکیب تیاری:** سب ادویہ کو باریک پیس کر نصف کلو شہد خالص کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔ سرد ہونے پر کشید خبث الحدید چھ ماشہ اور کشتہ صدف مروارید اصلی ایک تولہ بخوبی آمیزش کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

**فوائد:** بوجہ کمزوری جن عورتوں کا دودھ کم ہو گیا ہو ان کے دودھ کو بڑھانے کے لئے مفید و مؤثر نسخہ ہے۔ علاوہ ازیں تقویت بدن کا باعث ہے۔

## 218 صداع بارد کا علاج:۔

کلونجی، انیسون، قرنفل تینوں ادویہ ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور سفوف تیار کر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



لیں۔ عصر کی نماز کے بعد اور رات کو سوتے وقت ایک تا ڈیڑھ ماشہ استعمال کریں۔ اللہ کے فضل و کرم سے درد سر سے شفا نصیب ہوگی۔

## 219 ضمادات دیوانیہ:۔

اگر کسی کے پیٹ میں کیڑے ہوں تو کلونجی کو تمہ کے پانی میں خوب پیس لیں اور مریض کے پیٹ اور مقعد پر طلاء کریں۔ پیٹ کے کیڑے مر کر خارج ہو جائیں گے۔

## 220 عرق کلونجی بنانے کا طریقہ:۔

کلونجی آدھا کلو، تازہ پانی چار لیٹر، قرح انبیق کی مدد سے معروف طریقہ سے عرق کشید کر لیں یا کسی طبیب یا عرق کشید کرنے والے سے کشید کرالیں۔

## 221 علاج بواسیر:۔

کلونجی جب پیس لی جائے تو اس کا سفوف بہت مفید ہے۔ سفوف کو کھانے کے علاوہ عرق گلاب میں پیس کر بواسیر کے لئے کپڑے پر لیپ لگا کر مقعد پر باندھیں۔ اکسیر چیز ہے۔

## 222 عورتوں کے دودھ میں قلت زمانۂ رضاعت میں:۔

جن عورتوں میں دودھ کی قلت ہوتی ہے اور شیر خوار بچہ بھوکا رہ جاتا ہے ان کے لئے اعلیٰ درجہ کا نسخہ پیش خدمت ہے۔

کلونجی 25 گرام، ستاور 50 گرام، زیرہ سفید 50 گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ کو باریک پیس لیں اور محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: آدھی چمچی چائے والی صبح اور شام ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ۔

## 223 قوتِ جسمانی کے لئے:۔

کلونجی، آبِ زمزم، کلونجی کا سفوف تیار کر لیں۔ سفوف، کلونجی آب زمزم کے ساتھ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



استعمال کریں۔

## 224 کاسر ریاح:۔

اجوائن دیسی 60 گرام، نمک سیاہ 10 گرام، روغن کلونجی 12 قطرے۔

اجوائن کو لیموں کے رس ایک پاؤ میں بھگو کر رکھ دیں۔ خشک ہونے پر باقی ادویہ نمک اور کلونجی شامل کر کے صبح و شام کھانے کے بعد تین انگلیوں کی چٹکی سے کھائیں۔

## 225 گردے مثانے کی پتھری کا علاج:۔

دن میں ایک بار 10 قطرے کلونجی کا تیل کھانے کے بعد ایک چمچ خالص شہد پینے کے قابل گرم پانی میں ملا کر پی لیں۔

## 226 پھپھوندی کا علاج:۔

مہندی کے پتے، سنا مکی، کلونجی، میتھی، حب الرشاد، قسط شیریں سب ہم وزن پیس کر 6 گنا خالص سرکہ ملا کر 10 منٹ ابالیں۔ پھر کلونجی کے تیل کے ساتھ لگائیں۔

## 227 گنج کا علاج:۔

انڈے کا تیل اور کلونجی کا تیل ملا کر لگائیں۔

## 228 ایگزیما کا علاج:۔

سنا مکی، کلونجی، قسط شیریں 10،10 گرام، سرکہ 500 گرام میں 5 منٹ ابال کر چھان لیں۔ پھر کلونجی کے تیل میں ملا کر لگائیں۔

## 229 گنو نجی:۔

حب الرشاد 50،50 گرام مہندی کے پتے 10 گرام، سرکہ 900 گرام میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



10 منٹ ابال کر چھان لیں۔ پھر کلونجی کے تیل میں ملا کر لگائیں۔

## 230 موٹاپا کا علاج:۔

روزانہ تین مرتبہ ایک لیموں 4 قطرے کلونجی کے ساتھ پانی میں ملا کر پی لیں۔ کھانا بھوک سے کم کھائیں۔ قبض سے بچیں۔

## 231 مرہم کلونجی:۔

کلونجی 50 گرام، روغن زیتون 50 گرام، شہد خالص 200 گرام۔

ترکیب تیاری: کلونجی پیس کر سفوف تیار کریں پھر شہد اور زیتون ملا کر مرہم تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

**فوائد:** یہ مرہم پھوڑے پھنسی، درد زخم، چوٹ، اعصابی کھچاؤ کے لئے مفید ہے۔

**ضروری نوٹ:** یہ نسخہ جوڑوں کے درد کے مریضوں کے لئے بھی مجرب ہے۔ ایسے مریض اس مرہم کو پانی یا نیم گرم دودھ کے ساتھ تین بار یومیہ استعمال کریں۔ درد کمر، فالج، لقوہ کے لئے بھی لاجواب چیز ہے۔ ایسے مریض اس مرہم کی مالش کریں اور اوپر سے پٹی باندھ لیں۔ نیز یہ معدے اور گیس و تبخیر کے لئے اکسیر ہے۔

## 232 مطبوخ مدر حیض:۔

انیسون چار ماشہ، کپاس کی جڑ کی چھال ایک تولہ، بادیان، پوست پھلی، املتاس قند سیاہ ہر ایک دو تولہ، کلونجی چار ماشہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو بوقت رات ڈیڑھ پاؤ گرم پانی میں بھگو دیں۔ سرد ہونے پر چھان کر رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام تھوڑا تھوڑا پی لیا کریں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



فوائد: حیض و نفاس کی بندش دور کرنے کے لئے یہ مطبوخ جوشاندہ نہایت مفید چیز ہے۔

## 233 معجون کلونجی مرکب:۔

بلغم، لقوہ، فالج کزاز، رعشہ، نقرس، عرق النساء، وجع المفاصل، مصرے، جگر، استسقاء کا سر ریاح سموم قاتلہ اور شہوتیں کے فساد کے لئے بے حد نافع ہے مگر چالیس سال کی عمر سے پہلے استعمال میں نہ لایا جائے۔ چالیس سال سے آخر عمر تک بے حد نافع ہے۔

ترکیب تیاری: تربد، غاریقون، رب سوس تین تولہ، زنجبیل عقرقرحا ہر ایک ڈیڑھ تولہ، کلونجی، تخم کرفس، گاجر، دار چینی، پستہ، خولنجان، انیسون، ورق سنا ڈھائی تولہ، زعفران، فلفل سفید، سنوبر، زراوند، قسط سفید ہر ایک سوا تولہ، جند بیدستر، جوز بوا، عود ہندی، بڑی الائچی، سعد، کہربا، نشاء، نبولہ ہر ایک آٹھ تولہ نو ماشہ۔ تمام ادویہ سے تین گنا زیادہ شہد لے کر اس میں مرزنجوش یا کرفس میں ڈیڑھ تولہ سقمونیا حل کر کے تمام ادویہ ڈال دیں اور معجون تیار کر لیں۔ تمام امراض کے لئے نافع ہے۔ چھ ماہ بعد استعمال کرائیں۔

## 234 معجون نسان:۔

اسطوخودوس، نسرین کابلی ہر ایک سات تولہ، کلونجی، مصطگی، فلفل سفید، فلفل سیاہ، دار چینی ہر ایک چار تولہ، صبر، زراوند، غاریقون، کندر، پستہ سلیخ ہر ایک تین تولہ، مشک، عنبر ہر ایک بیس رتی کو پیس کر شہد میں گوندھ کر روزانہ چار ماشہ کی مقدار شہد کے ساتھ کھلائیں۔

علاج: ابتداء محلل اور کھولنے والا ضماد کریں اور گرم تیل اور چھینکیں لانے والی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



ادویہ مسلسل زنبق کا تیل اور ترکہ جند بدستر اور کلونجی کو پکا کر سعوط کریں۔ تمام محلولات اس کے لئے مناسب ہیں۔

**ترکیب تیاری:** فلفل، کندس، جاوشیر ہر ایک تین تولہ، کلونجی، رائی کوڑی، قرنفل ہر ایک دو تولہ، مسک نصف تولہ کو کرفس کر کے پانی میں گوندھ کر آگ پر جوش دیں اور استعمال کرائیں۔ پس جب افاقہ ہو تو غذا زود ہضم دیں اور تریاق لزہب یا مثرود یطوس واز یانج پانی کے ساتھ اور انیسون اور کمون کے ساتھ استعمال کرائیں۔ اور اگر یہ ادویہ میسر نہ آئیں تو دو ہفتہ بعد ماء الاسول خروع کے تیل اور سکر کے ساتھ دیں اور ایاوج جالینوس دیں۔ یہ تیل مجرب ہے۔ تمام امراض کے لئے اس مبارک تیل کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔

**نسخہ:** تھوم ڈھائی تولہ، میتھی، کلونجی ہر ایک سوا تولہ، جند بدستر، میعہ، فلفل سفید، فلفل سیاہ ہر ایک تین درہم۔ ان تمام ادویہ کو خوب پیس کر تیل نکالیں۔ مشہور طریقہ کے مطابق اور اس کی حفاظت کریں جیسے جی چاہے استعمال کریں۔

## 235 بواسیر کا علاج:۔

کلونجی 70 گرام، سرسوں کے بیج جن سے کڑوا تیل نکلتا ہے 100 گرام، نیم کی نمولی کا اندرونی مغز 100 گرام۔

تمام اجزاء پیس کر سفوف تیار کریں۔ آدھا چائے والا چمچ دن میں تین یا چار بار پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل استعمال کریں۔

یہ نسخہ بادی، خونی اور پرانی بواسیر کے لئے بہت مفید اور موثر ہے۔ ایسے مریض جو بواسیر کے عوارضات سے تنگ آچکے ہوں۔ ان کے لئے یہ بہت مفید ہے۔ یہ نسخہ پیٹ کے کیڑوں کو ختم کر کے مریض کو جلد صحت یاب کرتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



## (236) بالوں کیلئے مفید علاج:۔

بیری کے پتے ایک پاؤ، کلونجی آدھی چھٹانک، دونوں کو تقریباً چار کلو پانی میں ابال کر ہلکا نیم گرم کر کے اس سے روزانہ سر کو دھوئیں۔ اور سر میں یہی پانی لگا رہے تاکہ جذب ہوتا رہے۔ یعنی اس دوائی کے پانی کے بعد دوسرا پانی سر دھونے کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔

اگر مذکورہ نسخہ یعنی بیری کے پتے اور کلونجی کا لیپ گنج پر مسلسل کئی ماہ کیا جائے۔ تو بہترین نتائج سامنے آتے ہیں۔ لیکن ایک مزید نسخہ بھی اس ضمن میں بہت مفید ثابت ہوا ہے

انڈے کی زردی کا تیل دو چمچ بڑے، کلونجی باریک پسی ہوئی آدھا چمچ، دونوں کو ملا کر سر پر اچھی طرح رگڑیں اور مالش کریں۔ اسی طرح مستقل کرنے سے گنج دور ہو جاتا ہے۔

مذکورہ نسخہ اگر بالخورے کے لئے استعمال کیا جائے تو بہترین نتائج سامنے آتے ہیں۔ بلکہ ایسے مریض جو بالخورہ کی تکلیف سے عاجز آچکے تھے خاص طور پر بھنوؤں، سر کے بال، اور داڑھی میں بدنمائی پیدا ہو گئی ہو تو ایسے تمام مریضوں کے لئے یہ نسخہ بہت ہی زیادہ مفید اور موثر ہے۔

پھپھوندی سر کی جلد میں نمودار ہوتی ہے۔ اور پھر خاص طور پر ان حصوں پر بڑھتی جاتی ہے۔ جہاں بالوں کی کثرت ہوتی ہے۔ ایسی تمام کیفیات کے لئے یہ نسخہ (بیری کے پتے اور کلونجی کا لیپ) بہت ہی زیادہ مفید ہے۔

## (237) ایگزیما کیلئے بہترین نسخہ:۔

ایگزیما ایک مشہور مرض ہے۔ اس مرض کے لئے نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

برگ مہندی کلونجی، تخم بابچی، گل منڈی، پودینہ خشک، سرپھوکا لیں۔ ہر ایک ہم وزن

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



لے کر خوب پیس کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ یہ سفوف آدھا چمچ دن میں تین بار پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ اور یہی سفوف مہندی کے پتوں کے اضافے کے ساتھ بدن پر لیپ کریں انشاءاللہ بہترین نسخہ اور لاجواب ترکیب ہے۔

## (238) گردے کی پتھری کا علاج:۔

جگنو گردے کی پتھری کے لئے ایک بہترین تریاق اور علاج ہے۔ لیکن ہر جگہ جگنو کہاں میسر ہیں؟

ایک کبوتر ذبح کر کے اس کے پیٹ کے آلائش اور فضلہ صاف کر کے اس میں حجر الیہود 50 گرام، سنگ سرماہی 50 گرام، کلونجی 50 گرام، بھلاویں یا بلادر 100 گرام۔ بھر کر اس کو سی لیں۔ اور ایک مٹی کا چھوٹا سا منکا لے کر آدھا کلو کلونجی نیچے رکھ کے اوپر ہی کبوتر رکھ دیں۔ اور آدھا کلو کلونجی اس کے اوپر ڈال کر اس منکے کو کپاس ملی مٹی یا بھوسہ ملی مٹی سے اچھی طرح لیپ کر کے خشک کریں۔ اور ایک من گوبر کی آگ دیں۔ یا کسی کمہار کے آوے میں رکھ کر پکوا لیں۔ نکال کر ٹھنڈا کریں اور ٹھنڈا ہونے پر کھولیں۔ اندر سے جو راکھ اور دوا نکلے اس کو بالکل باریک کر لیں۔ اور چوتھائی چھوٹا چمچ دن میں تین بار، شربت بزوری دودھ کی لسی یا پھر تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

مذکورہ نسخہ واقعی گردے اور مثانے کی پتھری، ریت اور کنکر کے لئے اکسیر لاجواب ہے۔ ہر وہ مریض جو اس مرض میں مبتلا ہے۔ اسے بنا کر بالکل اطمینان اور تسلی سے استعمال کرے تو یقینی فوائد حاصل ہوں گے۔

## (239) جریان احتلام اور مثانے کی گرمی کیلئے:۔

دو تولے تخم ریحان، دو تولے عقرقرحہ، دو تولے اسبغول کا چھلکا، دو تولے مصرخ ان

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



تمام اشیاء کو یکجا کر کے پیس لیں۔ یہ سفوف سا بن جائے گا۔
تین ماشے صبح نہار منہ تازہ ابال کر ٹھنڈا کیا ہوا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## 240 شوگر کنٹرول کرنے کیلئے:۔

ایک پاؤ دیسی کالے چنے، ایک پاؤ جامن کے پکے ہوئے، ایک پاؤ کریلا، ایک پاؤ خشک تمہ لیں تمام اشیاء کو ایک مٹی کے برتن میں یکجا کر لیں۔ ایک ہفتہ تک روزانہ صبح کسی لکڑی کے چمچے کے ساتھ ہلاتے رہیں۔ ایک ہفتہ کے بعد ان تمام اشیاء کو گرائنڈر میں پیس لیں۔ اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو دو گولیاں صبح و شام کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ جلد ہی شوگر کنٹرول ہو جائے گی۔

## 241 قبض کیلئے اکسیر نسخہ:۔

1۔ تھوڑی سی سبز نیزڑا لیں۔ اس کے چھلکے اتار کر پیس لیں۔ پھر خالص شہد کے ساتھ ملا کر گرائنڈر میں پیس لیں۔ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ قبض کے لئے اکسیر ہے۔ اس کا استعمال مسلسل رکھا جا سکتا ہے۔

2۔ ایک چھٹانک کلونجی، آدھی چھٹانک سنا مکی، ایک چھٹانک پودینہ خشک لیں۔ تینوں کو مکس کر کے پیس لیں۔ ایک چمچہ کھانے کے بعد سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔

## 242 دردِ ریح اور سستی کے لئے:۔

کلونجی کے دانے تھوڑی سی مقدار میں پیس کر شہد میں ڈال کر گولیاں بنالیں۔ رات کو سونے سے پہلے نیم گرم دودھ کے ساتھ ایک گولی استعمال کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



## 243 مردانہ کمزوری، قوت باہ کیلئے:۔

چار انڈے لے کر سفیدی نکال لیں تقریباً اس کے ہم وزن پیاز کا عرق لیں۔ اور اتنا ہی دیسی گھی لے کر ان تینوں کو اچھی طرح مکس کر لیں۔ کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر خوب پکالیں۔ جب یہ اچھی طرح پک جائے تو شہد ملا کر چنے کے برابر گولی بنا لیں۔ جوڑوں اور پٹھوں کے درد کے لئے صبح ایک گولی اور پھر کھانا کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## 244 شوگر کیلئے:۔

ایک پاؤ خشک کریلے لیں اور 2 تولے شہد ملا کر یکجان کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی پانی کے ساتھ لیں۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

## 245 جوڑوں کے درد کیلئے:۔

سوہانجے کی پھلیاں 1 پاؤ، گو کے ڈنگر کا قیمہ 1 پاؤ، کلونجی کے دانے 2 تولے۔ ان کو ملا کر سالن تیار کر کے کھائیں۔

## 246 پتھری توڑنے اور اس کے اخراج کیلئے:۔

ایک پیالی سفوف کلونجی میں ایک کپ اچھی طرح ملائیں اور دس گرام لہسن چھیل کر باریک باریک کاٹ کر ملا لیں اور کھانا کھانے سے پہلے روزانہ 1/3 حصہ دن میں تین بار کھائیں اور ہر بار لیموں کو چھلکے کے ساتھ کھائیں۔ یہ عمل پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کر دے گا۔ اور انشاء اللہ پھر کبھی نہیں ہوگا۔

## 247 سر درد:۔

ایک بڑا چمچہ روغن زیتون پانی میں ڈال کر جوش دیں اور جب بھاپ نکلنے لگے تو

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com



ایک کپڑے سے سر کو ڈھانک کر بھاپ لیں۔ یہ عمل روزانہ سونے سے قبل کریں اور روزانہ صبح شام صعتر فارسی پانچ گرام سفوف کلونجی ملا کر پئیں۔

## 248 ضعف باہ:۔

پسی ہوئی کلونجی ایک چمچہ لیں اور ایک روز ناغہ کر کے سات خصیہ ( بکرے یا بھیڑ کا ) (نیم برشت ) کر کے کھلائیں۔ تقریباً ایک مہینہ تک اسے استعمال کریں تو یقیناً آپ 120 سال شخص کے اندر 20 سال کے نوجوان کی طاقت پائیں گے۔ انشاءاللہ

## 249 عام جسمانی کمزوری کے لئے:۔

ایک پیالی پسی ہوئی کلونجی اور ایک تہائی میتھی کا پاؤڈر اور ایک چھوٹے چمچہ کے برابر عرق عنبر لیں۔ اور ایک برتن میں شہد ڈال کر مذکورہ بالا دوا کر مربی کی طرح ملائیں اور مربی کی طرح گیہوں کی روٹی سے کسی بھی وقت کھلائیں۔

## 250 دمہ کیلئے مفید نسخے:۔

1۔ روزانہ سفوف کلونجی ربو کے دورہ کے وقت ایک چھوٹا چمچ چائے والا استعمال کریں۔

2۔ کلونجی کا تیل، صعتر، پانی گرم، سفوف کلونجی۔

گرم پانی پر چند قطرے کلونجی کا تیل ڈالیں پھر کلونجی کا سفوف اور صعتر کو جوش دیں۔ اور کلونجی کو جوش دینے سے جو بخارات اٹھیں گے ان کو ناک میں لیں۔ پھر جب بخارات کم ہونے لگیں تو تھوڑا تیل کلونجی اور ڈال دیں۔

سفوف کلونجی اور صعتر صبح و شام شربت بنا کر استعمال کریں۔

3۔ کلونجی کا تیل، کلونجی، صعتر۔

ساخت: مذکورہ بالا نسخہ کی طرح تیار کریں۔

**استعمال:** استعمال کا طریقہ بھی سابقہ ہے صرف تیل کلونجی سے سینے اور حجرہ پر سونے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں



سے قبل مالش کریں۔

4۔ کلونجی دو گرام کی مقدار میں اچھی طرح پیس لیں۔ صبح شام ایک کپ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

5۔ السی ایک تولہ کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی آدھارہ جائے تو چھان کر 14 قطرے کلونجی کا تیل اور دو تولہ شہد ملا کر پلا دیں۔ یا السی کی جگہ ہانسہ کے سات عدد پتے بھی لے کر کیا جا سکتا ہے۔

## 251 قوتِ حافظہ اور چاق و چوبند رہنے کیلئے:۔

پودینہ کا جوشاندہ بنائیں اس میں شہد اور سات بوند روغن کلونجی ملائیں پھر اسے صبح وشام پلائیں یہ مشروب چائے اور قہوہ کا بدل بھی ہو سکتا ہے۔ اس عمل سے بہت جلد ذہن و دانش کو کھلا ہوا محسوس کریں گے۔ اور آپ جس چیز کے یاد کرنے کا ارادہ کریں گے وہ حفظ ہونے لگے گی بالخصوص حفظ قرآن۔ اور ہر وقت خود کو چاق و چوبند محسوس کریں گے۔ انشاءاللہ

☆......☆......☆

Arshman Software Inc. ©